یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک
رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!
OCTOBER 2019
ABC Certified/CPNE Member
AQ TV
GOLDEN YEARS
72
سالہ مسلسل اشاعت
آفاقی معلومات کا علمبردار
روحانی
ماہنامہ
آئینہ قسمت
®
لاہور
آسمانی کونسل پر پاک بھارت
ستاروں کی جنگ؟
08 ثور 12
راہو
14
یورانس
8
نیپچون
22
مریخ
1
شمس 11
زحل 27
قمر 14
مشتری 12
پلوٹو 28
عطارد 2
کیتو 14
بتاریخ 26 دسمبر 2019ء اسلام آباد بوقت 15 بجے 06 منٹ
زائچہ سورج گرہن
AFGHANISTAN
KASHMIR
(administered
KHYBER-
PAKHTUNKHWA
Kabul
Balakot
Islamabad
Rawalpindi
JAMMU & KASHMIR
ARTICLE 370
LADAKH
Lahore
PAKISTAN
INDIA
Delhi
200 km
محبت ہے کہ
ہر وقت جوان
رہتی ہے
ASTROLOGY FOR ALL

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 72 | OCTOBER 2019 | شمارہ نمبر 07

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 100 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبرشپ 15000 روپے For 12 Years
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی 74200-
Ph: 021-32217544

ضروری نوٹ

آئینہ قسمت میں شائع شدہ تمام مضامین جذبہ خیر سگالی اور نیک نیتی سے شامل کئے جاتے ہیں۔ لکھاری حضرات (مضمون نویس) کی ذاتی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں۔ (ادارہ)

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

پروفیسر انور جمیل

یا الٰہی ابتدا کرتے ہیں تیرے نام سے
آشنا کر دے ہمیں تُو لذتِ اسلام سے
یا الٰہی ہم پہ قرآں کی حقیقت کھول دے
اس میں رکھے ہیں تو نے رازِ حکمت کھول دے
یا الٰہی اس کی الفت دے ہمیں بے انتہا
اس کو پڑھنے اور پڑھانے کی ہمیں توفیق دے
یا الٰہی زندگی بھر ہم نہ ہوں اس سے جدا
آخری دم تک یہ فکر و عمل کا راہ نما
یا الٰہی کر حفاظت تُو برے اعمال سے
حب شر سے، حب منصب اور حب مال سے
قبر میں یا رب ہماری جب بھی پہلی رات ہو
تیرا قرآنِ مبین تب بھی ہمارے ساتھ ہو
آخرت میں جب کبھی آئے کوئی مشکل مقام
تیرا قرآں بن کے آئے تیری رحمت کا پیام

نعت

رشید ملنگی

مدینہ مدینہ مدینہ ہے کافی
یہی رب سے ملنے کا زینہ ہے کافی
مدینہ تو ہے رحمتوں کا خزینہ
ہمارے لیے یہ خزینہ ہے کافی
الٰہی مجھے بھی دِکھا دے مدینہ
وہاں چند لمحوں کا جینا ہے کافی
جو مِل جائے نعلین رکھنے کا سر پہ
تو سر کے لیے یہ قرینہ ہے کافی
اگر وہ نگاہِ کرم سے پلا دیں
تو پھر زندگی بھر وہ پینا ہے کافی
رشیدؔ ملنگی جو سچ پوچھیے تو
مہکنے کو اُن کا پسینہ ہے کافی

منقبت

از: مقبول تبسم

خیرہ کن روشنی شمع رسالت ہیں حسینؑ
زرغۂ جہل میں عرفان کی دعوت ہیں حسینؑ
حق پرستار ہیں، حق گو ہیں، حق آگاہ بھی ہیں
حق تو یہ ہے کہ حقیقت ہی حقیقت ہیں حسینؑ
حق کے افسانے کو دِلچسپ بنانے والے
جلوہ افروز بعنوان شہادت ہیں حسینؑ
عدل کی جان، صداقت کی مجسم تصویر
تاقیامت جو نہ کم ہو وہ ضرورت ہیں حسینؑ
ہو کے خود وقفِ ستم بات یہ ثابت کر دی
آدمیت کے لئے باعثِ راحت ہیں حسینؑ

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں
اکتوبر 2019ء

بتاریخ 28 ستمبر 2019ء اسلام آباد بوقت 23 بجکر 27 منٹ پر

بتاریخ 14 اکتوبر 2019ء اسلام آباد بوقت صبح 02 بجکر 08 منٹ پر

کربلا میں نواسہ رسول ﷺ مظلوم امام حسینؑ اور ان کے جانثاروں کے لہو کے صدقے مظلوم کشمیریوں کا خون ناحق ”حق خود ارادیت“ آزادی کشمیر کی طرف بڑھ رہا ہے۔ کربلا کے 72 جانثاروں کی عظیم قربانی کا صدقہ 72 سال بعد پاک بھارت کے مابین کشمیر کا تنازعہ مودی کی غلطی کے سبب اپنے منطقی آبرومندانہ انجام 2019ء سے 2020ء کی طرف بڑھ رہا ہے۔

پاکستان کو کشمیر پر انٹرنیشنل میڈیا میں نمایاں مقام و ممتاز حیثیت کشمیر کا مقدمہ لڑنے پر ملے گی

بھارتی حکومت کی مقبوضہ کشمیر پر احمقانہ حرکت نے اقوام عالم کے ضمیروں کو جھنجوڑنا شروع کر دیا ہے اقوام متحدہ نے بھارت سے کشمیر میں کرفیو محاصرے ختم کرنے کا مطالبہ کر کے کشمیریوں اور پاکستان کے موقف کی تائید کی ہے۔

زائچہ نیومون:۔ سیاسی نجوم میں چوتھا گھر ملکی ارضیات ملکی دفاع کے لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل اسی گھر میں نیا چاند ستاروں کے اجتماع کے ساتھ طلوع ہو رہا ہے۔ زائچہ نیومون طالع اور چوتھے کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد چوتھے اپنے شرفی گھر میں ہمراہ دیگر چار ستاروں کے اجتماع کے ہمراہ زہرہ مریخ شمس و قمر فطرتی طور سے قمر چوتھے گھر کا حاکم قمر کا طلوع یہاں ہونے سے ملک کو عالمی سطح پر انٹرنیشنل میڈیا میں نمایاں مقام و ممتاز حیثیت کشمیر کا مقدمہ لڑنے پر ملے گی۔ وزیراعظم عمران خان نے 30 اگست کو مقبوضہ کشمیری عوام پر بھارت سرکار کے ظالمانہ سلوک کے خلاف خود کو کشمیری سفیر بننے اور دنیا بھر میں کشمیر کا مقدمہ لڑنے کا جو اعلان کیا اگست کی طرح ستمبر، اکتوبر اس کا تسلسل دکھائی دیتا ہے۔ 4 اور 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان سے قبل **I.S.P.R** اور جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے حکومت کا عزم کہ وہ کشمیر پر کوئی ڈیل نہیں کرے گی۔ آخری سانس آخری گولی تک دفاع وطن، کشمیر پر بھارت سے تصفیہ ہو یا جنگ پاکستانی حکومت افواج اور عوام کشمیریوں کے شانہ بشانہ ساتھ کھڑے ہونگے۔ وزارت خارجہ اس سلسلے میں خاصی سرگرم رہے انہیں عوام اپوزیشن الغرض پانچ ستاروں کا اجتماع چوتھے ہونے سے پوری قوم کشمیریوں کے دکھ درد میں شامل حال رہیگی۔ تیسرے ہمسایہ ملک کا مالک ستارہ شمس جو کہ چوتھے ہونے سے بھارت سرکار کی جانب سے کشمیریوں پر ظلم سرحدوں پر جنگی نقل و حمل میں اضافہ پاکستان افواج حکومت اپوزیشن اور عوام 27 فروری 30 اگست کی طرح ایک پیج پر رہیں گے۔ تاہم اپوزیشن اپنے خلاف قائم مقدمات اور فیصلوں پر تحفظات کا اظہار کرے آسمانی کونسل پر بھارت کے ساتھ افغان سرحدی اثرات امریکہ طالبان میں امن سمجھوتے آسان نہ ہوگا پہلے ناکامی اور پھر امریکی دھونس سے کامیابی کے بعد جیسے ہی امریکہ افواج کے انخلاء کی ابتداء ہونے سے اندرون ملک دہشت گردی کے خدشات بڑھ جائیں۔ نیز دہشت گردی کے برے اثرات پاکستانی حکام کو بھی متاثر کریں اہم شخصیات کو اپنے پروٹوکول خصوصاً وزیراعظم عمران خان کو خیال رکھنے کی ضرورت پر زور دینا چاہئے۔ زائچہ میں ساتویں دسویں کا مشترکہ حاکم مشتری چھٹے نحس گھر ساتویں گھر زحل کیتو کا قران طالع کے درجات کو طالع کے ساتھ 9,7,4 گھروں کو بھی متاثر کرے۔ پوری قوم میں ارض وطن کا جذبہ جگانے کے لئے دفاعی اداروں کے ساتھ

روحانی مذہبی قوتیں بھی سرگرم ہوں یوں تو آسمانی کونسل پر 2019ء پورا سال ہی دفاع وطن کے حوالہ سے نہایت اہم اور ان میں سال کے بقایا اہم مہینہ اکتوبر، نومبر، دسمبر دفاع وطن کے لحاظ سے اہمیت کے حامل پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ ہر قربانی کے لئے تیار رہے۔

زائچہ فُل مون:۔ طالع برج اسد کا زائچہ اپنے اندر خوش بختیاں لئے طلوع ہوا ہے شمس دوسرے اور دوسرے کا مالک عطارد تیسرے ہمراہ طاقتور زہرہ کے ساتھ مقیم ہونے سے ملکی معیشت میں بہتری کے لئے اندرون ملک ٹیکس کے اہداف اور IMF یا دوست ممالک کی غیر مشروط امداد سے مالی وسائل میں اضافہ ہوگا۔ عطارد کے یہاں قیام سے ذرائع مواصلات میں بہتری عوامی سہولتوں میں اضافہ اندرون ملک طویل سڑکوں کے جال موٹروے کے حصوں کو آپس میں ملایا جائے گا۔ اخبارات رسائل الیکٹرانک میڈیا کے ورکرز میں گزشتہ پائی جانے والی بے چینی کم ہوگی۔ وزارت اطلاعات کے ساتھ ساتھ فوج کا ترجمان ادارہ اپنے کردار افعال میں متحرک رہتے ہوئے قوم کو سرحدی جنگی ماحول کی سرگرمیوں سے آگاہ رکھے اندرون ملک سوشل سماجی سیاسی خواتین کی وطن، ملک قوم کے لئے خدمات حوصلہ مندی کا باعث بنے یوں تو اس زائچہ میں کوئی بھی فعلی منحوس ستارہ کچھ زیادہ زائچہ کی سعادتوں میں کمی نہیں لا رہا ہے فل مون زائچہ میں ستارہ زہرہ عطارد کی مکمل سعد نویں گھر کو ناظر جبکہ نویں کا حاکم ستاہ مریخ دوسرے غروب امکانات ہیں کہ حکومتی بعض قوانین آرڈینس کو اعلیٰ عدالتوں میں چیلنج کیا جائے مقبوضہ کشمیریوں پر بھارتی مظالم کے خلاف کی گئی سفارتی کوششیں بار آور ثابت عالمی میڈیا پاکستانی میڈیا کے ہم زبان ہوکر بھارتی مظالم کو بے نقاب کرے۔ کربلا میں نواسہ رسول ﷺ مظلوم امام حسینؑ اور ان کے جانثاروں کے لہو کے صدقے مظلوم کشمیریوں کا خون ناحق حق خود ارادیت آزادی کشمیر کی طرف بڑھ رہا ہے۔ کربلا کے 72 جانثاروں کی عظیم قربانی کا صدقہ 72 سال بعد پاک بھارت کے مابین کشمیر کا تنازعہ مودی کی غلطی کے سبب اپنے منطقی آبرومندانہ انجام 2019ء سے 2020ء کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آسمانی کونسل میں ستاروں کی یکے بعد دیگرے نحس نظرات اندرون ملک کسی انقلابی عسکری سیاسی اقدامات کا اشارہ ہے۔

اس نحس وقت کی ابتداء 30 ستمبر 14 بجکر 41 منٹ، تا 02 اکتوبر 16 بجکر 43 منٹ اور دوبارہ 28 اکتوبر 01 بجکر 29 منٹ تا 30 اکتوبر 02 بجکر 57 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

آسمانی کونسل پر پاک بھارت ستاروں کی جنگ؟

بھارت چاہے نہ چاہے 2019ء اور 2020ء میں مسئلہ کشمیر حل ہو جائے گا۔ پیش گوئی زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 41

زائچہ سورج گرہن پاکستان، بھارت کے زائچوں سے مشابہ ہے جس کے بداثرات دونوں ملکوں کو متاثر کر سکتے ہیں۔

بھارت امریکہ اسرائیل ملکر مسلمان آبادی والے کشمیری علاقہ میں کوئی زیر زمین چھوٹا ایٹمی دھماکہ کر سکتا ہے جیسے دُنیا کو بتانے کیلئے زلزلے کا نام دیا جائے۔ جس کے نتیجہ میں مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کی لاکھوں مسلم آباد کے متاثر ہونے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ہیں۔

دُنیا میں کوئی اہم واقعہ ہونے سے قبل آسمانی کونسل پر ستاروں کی بھی جنگ شروع ہو جاتی ہے۔ علم نجوم کا شعبہ سیاسی نجوم عالمی منجمین اور خصوصاً ان ممالک کے منجمین کے زیر غور یقیناً رہتا ہے۔ ستاروں کے اچھے اثرات سے تو عوام الناس اور سیاسی حکومتیں خوشی و برکت محسوس کرتی ہیں۔ اور اپنے سیاسی ایجنڈے کا شہرہ کرنے کا ڈنڈھورا پیٹتی ہیں۔ مگر خراب اثرات مثلاً ملکی سرحدوں پر جنگی نقل و حمل جنگ، طوفان، زلزلے ناگہانی آفات آجانے پر ہی کوئی دفاعی تدبیر کی جاتی ہے۔ آجکل مودی سرکار کی احمقانہ حرکت کے سبب مقبوضہ کشمیر میں کرفیو، مواصلاتی بندش اور بے گناہ کشمیریوں پر جو ظلم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ اس سے ایام محرم میں کربلا کی یاد تازہ ہو چکی ہے۔ ظلم کربلا پر کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ "

کُل یوم عاشورہ کُل ارض کربلا"

حکومت پاکستان کی عالمی سطح اور اقوام متحدہ میں سیاسی کوشش تیز ہو چکی ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے زائچوں میں ستاروں کی خراب پوزیشن آٹھویں نحس گھر میں ہو رہی ہیں۔ دونوں ممالک کے زائچوں میں زحل کیتو قران 16 ستمبر تا 07 اکتوبر مسلسل جاری رہتے ہوئے 28 ستمبر کو مکمل اس کے بعد زحل پلوٹو قران یکم جنوری تا 24 جنوری 2020ء آٹھویں نحس گھر میں ہوگا۔ 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن دونوں ممالک کے آٹھویں گھر لگے تب یہاں سات ستاروں شمس، قمر، عطارد، مشتری، زحل، کیتو اور پلوٹو کا اجتماع بھی آٹھویں نحس گھر ہوگا۔ آٹھواں گھر سیاسی نجوم میں حکمرانوں کے زوال یا موت اور حادثات

کی نشاندہی کرتا ہے۔اندرون ملک زلزلے،طوفان،مدوجزر آندھیاں،سیلاب،سرحدوں پر دونوں ممالک کے مابین عسکری نقل وحمل یہ گھر وراثتی جھگڑوں کا بھی ہے۔ پاک بھارت کے مابین چلا آیا 72 سالہ مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ 2019ء اقوام متحدہ میں خاصہ ہائی لائٹ رہے۔7 ستاروں کا اجتماع آٹھویں میں ہونا جبکہ ساتویں گھر ستارہ مریخ بھی یہاں ہوکر طالع کو ناظر ہوگا آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ تب کشمیر پر جنگ کے بادل منڈلاتے رہیں گے۔26 دسمبر 2019ء سورج گرہن کے بد اثرات اس بات کے خدشات ظاہر کرتے ہیں کہ بھارت امریکہ اسرائیل ملکر مسلمان آبادی والے کشمیری علاقہ میں کوئی زیر زمین چھوٹا ایٹمی دھماکہ کرسکتا ہے جیسے دُنیا کو بتانے کیلئے زلزلے کا نام دیا جائے۔جس کے نتیجہ میں مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کی لاکھوں مسلم آباد کے متاثر ہونے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ہیں۔مسئلہ کشمیر 1948ء سے اقوام کے بعد معاہدہ تاشقند،معاہدہ شملہ اور اعلان لاہور کی شکل میں کئی مرتبہ حل ہونے کی طرف گیا مگر 2019ء میں مودی کی حماقت نے مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کی راہ کھول دی ہے۔بھارت چاہے نہ چاہے 2019ء اور 2020ء میں مسئلہ کشمیر حل ہوجائے گا۔پیش گوئی زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 41

پاکستان ایک روحانی مملکت کی روحانی خدمات کی ماضی کی چند جھلکیاں ملاحظہ فرمائیں۔

جیسے ہی پہلی عرب اسرائیل جنگ ہوئی جبکہ پاکستان کو بنے ابھی ایک سال ہی ہوا تھا پاکستان نے چیکوسلاواکیہ میں ڈھائی لاکھ رائفلیں خرید کر عربوں کو دیں اور تین جنگی جہاز اٹلی سے خرید کر مصر کے حوالے کئے تاکہ وہ اسرائیل سے اپنا دفاع کرسکیں۔

پاکستان نے 67ء 73ء کی عرب اسرائیل جنگوں میں عربوں کی مدد کی اور اسرائیل کو روکنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔پاکستان نے انہی جنگوں میں 20 کے قریب اسرائیلی جنگی جہاز مار گرائے پاکستان نے اسرائیلی حملے کے خلاف مصر کی مدد کی جس کی وجہ سے وہ وادی سینا کے قریب رُک گئے اور آگے نہ بڑھ سکے۔ جب اسرائیل نے ترکی کے امدادی جہاز پر گولہ باری کی اور دونوں ممالک میں جنگ کا خدشہ پیدا ہوا تو سب سے پہلے پاکستانی جنگی ہیلی کاپٹر ترکی کی مدد کو پہنچے اور ترکی کی سرحدوں پر پروازیں کیں۔پاکستان نے 1980ء میں روس جیسی سپر پاور کے ساتھ ٹکر لے کر افغانستان کی مدد کی اور روس کو شکست سے دوچار کیا۔

1980ء میں جب زمبابوے کو عالمی تنہائی کا سامنا تھا تو پاکستان نے اسکی مدد کی۔پاکستان نے 92-93ء میں یورپ کے خلاف اس وقت بوسنیا کی مدد کی جب تمام مسلمان ممالک نے چپ کا روزہ رکھ لیا تھا نہ صرف سفارتی مدد کی بلکہ پاک فوج عملاً لڑنے گئی۔1993ء میں جب امریکن فوجی 4000 صومالی جنگجوؤں کے گھیرے میں آگئے تو وہاں امن مشن پر موجود پاک فوج کے دستے نے ان کو چھڑایا۔پاکستان نے خانہ کعبہ کو دہشت گردوں کے قبضے سے آزاد کروایا کہا جاتا ہے کہ اس آپریشن کی کمانڈ پرویز مشرف نے کی تھی۔جب شاہ ایران نے متحدہ عرب امارات کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی دھمکی دی تو پاکستان نے متحدہ عرب امارات کی مدد کی۔جب مصر اور عربوں میں اختلاف پیدا ہوا تو پاکستان نے مصر کی سفارش کی اور عربوں کو راضی کیا۔

جب اقوام متحدہ میں مسلمانوں کا مؤقف پیش کرنے کی باری آئی تو تمام مسلمان ممالک بشمول عربوں اور ترکوں کے سب نے پاکستان کا نام چنا جس کے بعد جنرل ضیاء الحق نے اقوام متحدہ میں اپنی مشہور زمانہ تقریر کی۔پاکستان نے آرمینیا کے خلاف آذربائی جان کی مدد کی پاکستان غالباً دُنیا کا واحد ملک ہے جو آج بھی آرمینیا کو تسلیم نہیں کرتا۔لبریشن ٹائیگرز آف تامل ایلام نامی دہشت گردی تنظیم ایک تہائی سری لنکا پر قابض تھی اس ناسور سے سری لنکا کی جان پاکستان نے چھڑائی اور پاک فوج کی مدد سے وہ تحریک ہمیشہ کیلئے ختم کردی گئی۔اسی لئے سری لنکن ہمیشہ پاکستان کے شکرگزار رہتے ہیں۔پاکستان دُنیا کا پہلا ملک ہے جس نے چین کو تسلیم کیا اور اپنا سفارت کار چین بھیجا۔

ایوب خان نے چین کی ابتدائی ضروریات کے لئے اس وقت چین کو ہوائی جہاز،بسیں اور بہت بڑی مقدار میں خوراک بھیجی۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان دُنیا بھر میں قیام امن کے لئے فوجیں بھیجنے والا دُنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے۔پاکستان اس وقت دُنیا کی واحد ریاست ہے جو ’’مسلم قومیت یا دوقومی نظریہ کی بنیاد پر قائم ہے۔ ایک حکومت ان دنوں وزیر اعظم عمران خان کی جاری ہے۔دوسری حکومت بادشاہوں کا بادشاہ خود اللہ کریم پاکستان اور کشمیریوں کا حامی وناصر ہو۔

شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

کلام الامام امام الکلام

دوازدہ آئمہ معصومینؑ ہی جانشین مصطفیٰ ہیں

قارئین کرام! آپ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ مذکورہ عنوان آپ کے محبوب ماہنامہ ''آئینہ قسمت'' کا مستقل عنوان برسوں رہا۔ مگر کوتاہی سے یہ عنوان کچھ عرصہ سے شائع نہیں ہوا اللہ اور معصومینؑ ہماری اس سہواً کوتاہی کو معاف فرمائیں۔ رسولؐ اور جانشین رسولؐ آئمہ معصومینؑ جب عمل کر کے دکھاتے ہیں تو تب ہمیں دین سمجھ آتا ہے۔ اس عنوان کے تحت ہمیشہ وہ مضامین شائع ہوتے ہیں جن کا تعلق ثاقب آئمہ معصومین علیہم السلام سے ہوتا ہے گزشتہ دنوں مجھے ایک صاحب نے نام قصداً نہیں لکھتا ہوں، لکھتا ہے کہ میں اگر آئمہ معصومینؑ کو نائب و جانشین رسولؐ نہ مانوں تو کیا میرے ایمان میں خلل واقع ہوگا۔ کیونکہ ایسی بات پر ایمان لانا صفات ایمان میں شامل نہیں ہے ملاحظہ فرمایئے صفاتِ ایمان۔ اللہ ملائکہ کُتبِ آسمانی اور تمام انبیائے مرسلینؑ پر ایمان لانا بلاتفریق۔ قیامت پر ایمان لانا خیر وشر کو من جانب اللہ سمجھنا۔ دوزخ و جنت حشر نشر اور قبر کے عذاب و ثواب کو حق جانتا ہے اور بس فرمایئے اس میں یہ بات کہاں ہے؟ جس کا ہر ماہ آپ اپنے محبوب ماہنامہ میں بڑے اہتمام سے ذکر فرماتے ہیں۔

ناظرین کرام! آج میں ان کالموں میں دلائل عقلیہ و نقلیہ سے مذکورہ اعتراض کا جواب دینا چاہتا ہوں تا کہ ہر خاص و عام کو اس اہم بات سے آگاہی ہو جائے کہ دروازہ آئمہ معصومینؑ ہی صحیح معنوں میں جانشین و نائب حضرت محمد مصطفیؐ ہیں اور جب تک رکن امامت کو ارکان دین میں شامل نہ کیا جائے گا ایمان استوار نہیں ہوسکتا۔ (مدیر اعلیٰ)

اتنی بات تو معمولی عقل والا مسلمان بھی جانتا ہوگا کہ ہدایت کے لئے صرف قرآن کافی نہیں ہے کیونکہ اوّل تو وہ صامت ہے پھر اکثر جگہ مجمل۔ پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہ ایک احکام الٰہیہ کو بتانے والا ہے عمل کر کے دکھانے والا نہیں مثلاً وہ کہتا ہے اقیموا الصلوٰۃ (نماز پڑھو) مگر یہ نہیں بتاتا کیسے پڑھو۔ نہ وہ یہ بتا سکتا ہے نہ پڑھ کر دکھا سکتا ہے۔ لہٰذا ضرورت ہے کہ اس کے ساتھ کوئی عمل کر کے دکھانے والا بھی ہو۔ ورنہ ہدایت ناقص رہے گی۔ آیت قد جاء کم من اللہ نورٌ و کتابٌ مبین O۔ (بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آیا ہے۔ اور کتاب مبین) سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہادی دنیا میں ایک نور اور دوسرے کتاب مبین ہے۔ اگر صرف کتاب مبین کافی ہوتی تو نور کے ذکر کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا میں اپنے بعد دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ اللہ کی کتاب اور اپنی عترت یعنی اہلبیتؑ اگر تم ان سے تمسک رکھو گے تو ہرگز میرے بعد گمراہ نہ ہو گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ صرف کتاب خدا کافی نہیں حدیث شریف کا مضمون قرآن سے مل رہا ہے کتابِ خدا بھی دو ہی ہادی بتاتی ہے اور حدیث رسول مقبولؐ بھی جس کو خدا نے نور کہا ہے رسولؐ مقبول نے اس کو عترت یعنی اپنی اہلبیتؑ بتایا ہے گویا ثابت ہوا کہ اہلبیتؑ رسولؐ نور ہیں اور نور اہلبیتؑ، یہ تو ظاہر ہے کہ جب دو ہادی ہیں تو ان کا ہر زمانہ میں ہونا ضروری ہے اپنے عہد مبارک میں رسول مقبولؐ نور تھے لیکن سوال یہ ہے کہ آپ کے بعد ہر زمانہ میں نور کا مصداق کون بنا؟ کیا آنحضرت کے بعد کتاب اللہ کا ساتھ نور سے ختم ہو گیا؟ یا باقی ہے اگر ختم ہو گیا تو کیوں؟ کیا مابعد والے والوں کو نور کی ضرورت نہ رہی۔ اگر باقی رہی تو پھر وہ نور کہاں ہے۔ رسولؐ خدا تو نقلِ مکانی فرما چکے ہیں۔ اور کتاب اللہ باقی ہے میں اس کے ساتھ کا دوسرا ہادی ہم سے کیوں جدا کر دیا گیا۔ کیا یہ عدالت باری تعالیٰ پر معاذ اللہ حرف نہ آئے گا کہ ایک زمانہ والوں کے لئے دو ہادی۔ اور ایک زمانہ والوں کے لئے صرف ایک، عہد رسالت مآب والے کیسے خوش انسان تھے کہ قرآن کی جو بات سمجھ میں نہ آئی جنابِ رسولِ مقبولؐ صاحب لولاکؐ سے پوچھ لی۔ اور جب معانی و مفاہم آیات میں اختلاف ہوا۔ رسولؐ خدا سے پوچھ لیا۔ لیکن بعد والوں کے لئے تو صرف کتاب صامت ہی رہ گئی۔ وہ اپنی مشکل کس طرح حل کریں۔ پس یہ ثابت ہوا کہ ہر زمانہ میں کتاب خدا کے ساتھ ایک نور رہنا چاہئے۔ اور یہ نور وہی ہے جس کا نام رسول مقبولؐ نے کہیں اہلبیتؑ بیان فرمایا ہے اور کہیں امام۔

جب ہر زمانہ میں ایک امام کی ضرورت ثابت ہوگئی تو اب دیکھنا یہ ہے کہ قرآن اس بارہ میں کیا کہتا ہے۔ اطیعو اللہ و اطیعوالرسول و اولی الامر منکم O اللہ کی اطاعت کرو۔ اور رسولؐ کی او جو تم میں سے جو ''اولی الامر'' ہیں اُن کی۔ اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ "اولی الامر" کی اطاعت بعینہٖ رسول مقبولؐ کی سی اطاعت ہے کیونکہ ایک ہی اطیعوا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ رسولؐ معصوم ہیں اور ان کی اطاعت اطاعتِ مطلقہ ہے یعنی استثنا ہر امر میں۔ ان کی اطاعت کرنا واجب۔ پس اس طرح "اولی الامر" کی اطاعت بھی ہر امر میں واجب اور وہ "اولی الامر" سوائے آئمہ معصومینؑ کے دوسرے بخدا ہو نہیں سکتے۔ کیونکہ اگر ان سے مراد امرائے سرایا (تخت) یا بادشاہانِ وقت لئے جائیں۔

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اکتوبر 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2019ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظراتِ سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَا رِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّ نُظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبۡدَالُ یَا اَوۡتَادُ یَا قُطُبُ یَا غَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تربیع شمس زحل:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 06 اکتوبر 22 بجکر 59 منٹ، مکمل نظر 08 اکتوبر صفر بجکر 06 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 09 اکتوبر 01 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین مخالفین کو مرتبہ سے گرانے، تنزلی کے لئے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ لہب کا خالی البطن نقش احاطہ قبور میں دفنائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

تسدیس شمس مشتری:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 12 اکتوبر 18 بجکر 01 منٹ، مکمل نظر 13 اکتوبر 23 بجکر 01 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 15 اکتوبر 04 بجکر 04 منٹ پر ہوگا۔ ہمت حوصلہ بڑھانے اور روحانیت کھولنے کے لئے سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۷۸۸	۶۳۰۹	۲۳۶۴
۳۹۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۵۵۲۱
۴۷۳۳	۳۱۵۲	۱۵۷۶

تسدیس عطارد زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 13 اکتوبر 15 بجکر 23 منٹ، مکمل نظر 14 اکتوبر 11 بجکر 55 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 15 اکتوبر 08 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم کے لئے نقشِ نادِ علیؑ لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

تسدیس زہرہ زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 19 اکتوبر 22 بجکر 50 منٹ، مکمل نظر 20 اکتوبر 18 بجکر 58 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 اکتوبر 15 بجکر 07 منٹ پر ہوگا۔ زوجین یا دوستوں میں اُلفت و محبت پیدا کرنے، تسخیر حکام، افسرانِ بالا کے لئے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش باپرہیز پھلدار درخت سے دُعا کر کے لٹکائیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

تربیع مریخ زحل:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 26 اکتوبر 02 بجکر 49 منٹ، مکمل نظر 27 اکتوبر 19 بجکر 30 منٹ اور خاتمہ نظر 29 اکتوبر 12 بجکر 19 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کو منتشر اور پریشان کرنے کے لئے سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ یا زحل میں لکھ کر اسی ساعت میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۲۴۲۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

قران عطارد زہرہ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 30 اکتوبر 04 بجکر 57 منٹ، مکمل نظر 31 اکتوبر 03 بجکر 04 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 31 اکتوبر 23 بجکر 05 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات ہر قسم کے لئے 110 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھیں اور نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۱۵۹۶	۱۶۰۹	۱۶۰۶	۱۶۰۳
۱۶۰۷	۱۶۰۲	۱۵۹۷	۱۶۰۸
۱۶۰۱	۱۶۰۴	۱۶۱۱	۱۵۹۸
۱۶۱۰	۱۵۹۹	۱۶۰۰	۱۶۰۵

ماہِ صفر اور توہم پرستی

از تحریر: قیصر احمد (بی۔اے)، کراچی

(معلوماتی اور آنکھیں کھول دینے والی تحریر)

صفر، اسلامی سال کا دوسرا مہینہ ہے۔ اسلام کی آمد سے پہلے بھی اس مہینے کا نام صفر ہی تھا۔ اسلام نے اس نام کو باقی رکھا۔ اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ عربی لغت اور محاورے میں اس کے کئی معنی مراد لئے جاتے تھے۔

1:۔ یرقان کی بیماری کو صفر کہتے ہیں۔

2:۔ کسی چیز کے ''خالی'' ہونے کو بھی صفر کہا جاتا ہے۔

3:۔ ایک دوسرے کو لگنے والی (متعدی) بیماری کو بھی صفر کہتے ہیں۔

اسلام سے پہلے اس مہینے کے بارے میں کئی باتیں عرب کے جاہلی معاشرے میں مشہور تھیں۔ **مثلاً**

عام لوگوں کا خیال تھا کہ اس مہینے میں آسمان سے بلائیں اور آفتیں نازل ہوتی ہیں، اس مہینے میں لوگ سفر نہیں کرتے تھے، اس مہینے میں عرب کے لوگوں کے گھر عموماً خالی رہتے تھے۔

کیونکہ چار مہینوں (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) میں مذہبی طور پر ان کو جنگ اور لڑائی نہ کرنے اور مذہبی عبادت انجام دینے کا بطور خاص پابند کیا گیا تھا۔ اور محرم کا مہینہ گزرتے ہی اس جنگجو قوم کیلئے مسلسل تین مہینوں کی یہ پابندی ختم ہوجاتی تھی۔ لہٰذا وہ لوگ جنگ، لڑائی اور سفر میں چل دیتے تھے۔ اور اس کی وجہ سے ان کے گھر خالی ہوجاتے تھے۔

صفر کے مہینے میں نبی کریم ﷺ نے ہجرت کی اجازت دی یعنی مکۃ المکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف مسلمانوں کو ہجرت کرنے کی ابتداء ہوئی۔ صفر کا مہینہ **8** ہجری میں حضرت خالد بن ولیدؓ جن کو دربار رسالت آب ﷺ سے ''سیف اللہ'' کا لقب ملا۔ انہوں نے اسلام قبول کیا اور حضرت عمر بن العاصؓ نے بھی **8** ہجری صفر کے ماہ میں اسلام قبول کیا۔ اُم المومنین حضرت صفیہؓ کی وفات صفر کے مہینہ **5** ہجری میں ہوئی۔ قرارداد پاکستان بھی صفر کے مہینے **1359**ھ بمطابق **23** مارچ **1940**ء میں پیش کی گئی تھی۔ شاعر مشرق حضرت علامہ اقبالؒ کی وفات بھی صفر کے مہینے **1357**ھ میں ہوئی۔

بعض لوگ صفر کے مہینے میں شادی بیاہ اور دوسری خوشی کی تقریبات منعقد کرنے اور اہم کاموں کا افتتاح اور ابتداء کرنے سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور کہا کرتے ہیں کہ صفر میں کی ہوئی شادی صفر (یعنی ناکام و نامراد) ہوگی۔ چنانچہ صفر کا مہینہ گزرنے کا انتظار کیا جاتا ہے اور پھر ربیع الاول کے مہینے سے اپنی تقریبات شروع کردیتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے گزر چکا کہ زمانہ جاہلیت میں ماہ صفر کے متعلق بکثرت مصیبتیں اور بلائیں نازل ہونے کا اعتقاد رکھا جاتا تھا۔ اور آج بھی کئی مذہبی لوگوں نے اس مہینہ کو مصیبتوں اور آفتوں سے بھرپور قرار دیا ہے حتیٰ کہ کئی لاکھوں کے حساب سے آفات و بلیات کے نازل ہونے کی تعداد بھی نقل کردی ہے۔ یہ سب من گھڑت اور اپنی طرف سے بنائی ہوئی باتیں ہیں جن کی قرآن وحدیث، صحابہ و تابعین، آئمہ، مجتہدین اور سلفِ صالحین میں سے کسی سے بھی کوئی صحیح سند نہیں کیونکہ قرآن و سنت کی رُو سے بنیادی طور پر نحوست اور اس مہینہ میں مصیبتوں اور آفتوں کا نازل ہونا ہی باطل ہے۔ بلکہ یہ جاہلیت اور کم عقل لوگوں کا اختراع کردہ نظریہ ہے تو اس پر جو بنیاد بھی رکھی جائے گی وہ یقیناً باطل اور غلط ہی ہوگی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اسلام میں بدشگونی و بدفالی کا کوئی وجود نہیں اور ماہ صفر کے متعلق بدحالی و بدشگونی کا عقیدہ رکھنا زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھتا ہے۔ جس کی اسلام نے نفی فرمادی ہے۔

دنوں اور مہینوں کو منحوس نہ کہو

حضرت امام علی نقیؑ فرماتے ہیں کہ ''دنوں اور مہینوں نے کیا گناہ کیا ہے کہ جب بھی تمہیں اپنے کئے کی سزا ملتی ہے تو تم اس کا غصہ دنوں اور مہینوں پر نکالتے ہو اور اس دن یا مہینہ کو منحوس کہنا شروع کردیتے ہو'' اللہ تعالیٰ تمہیں اس لئے بھی

سزا دیتا ہے کہ ایسے جرم کی وجہ سے ایام اور مہینہ کی مذمت کرتے ہو جس کے وہ مرتکب نہیں ہوتے۔ یاد رکھو! کبھی جلد بازی سے کام نہ کرو اور حکم خداوندی میں مداخلت ایام و ماہ کا عقیدہ دل سے نکال دو۔ انسان کے کردار ہی نحوست اور سعادت لاتے ہیں۔ ایام یا ماہ کی نحوست کی کوئی پرواہ نہ کرو۔ اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھو، قرآن مجید پڑھا کرو اور استغفار کر کے دُعا مانگا کرو۔

(میزان الحکمت ج 7 ص 534-535)

معاذ اللہ ماہ صفر کو منحوس سمجھتا ہے جو کہ اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ بہت سے لوگ اُلّو کو بھی منحوس سمجھتے ہیں کہ جہاں اُلّو بیٹھ جائے وہاں ویرانی آجاتی ہے۔ یہ بھی عقیدہ باطل اور بے اصل بے بنیاد ہے۔ مسلم شریف میں ایک روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ماہ صفر کی نحوست اور اُلّو کی نحوست کوئی چیز نہیں ہے۔ ابونعیم نے حلیہ میں ایک روایت نقل کی ہے جس سے اُلّو کی حقیقت سمجھ میں آئے گی۔

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطابؓ کی خدمت میں حاضر تھا وہاں حضرت کعب احبارؓ بھی موجود تھے حضرت کعب نے حضرت عمرؓ سے عرض کی میں آپ کو ایک نہایت عجیب قصہ نہ سناؤں۔ جو میں نے انبیاء کے حالات میں پڑھا ہے کہ ایک بار حضرت سلیمان بن داؤدؑ کے پاس اُلّو آیا اور اس نے سلام کیا حضرت سلیمانؑ نے جواب دیا۔ پھر حضرت سلیمانؑ نے اُلّو سے اس کی عادت کے بارے میں سوالات کئے۔ حضرت سلیمانؑ "تو دانے کیوں نہیں کھاتا؟" اُلّو نے کہا: "حضرت آدمؑ کو اس دانے کی وجہ سے جنت سے نکالا گیا تھا۔ حضرت سلیمانؑ "پانی کیوں نہیں پیتا؟" اس لئے کہ قوم نوح پانی میں ڈوب کر ہلاک ہوئی تھی۔ حضرت سلیمانؑ "آبادی کے بجائے ویرانہ کیوں پسند کرتا ہے؟" ویرانہ اللہ کی میراث ہے اس لئے پسند کرتا ہوں۔ حضرت سلیمانؑ "ویرانہ میں کیا بولتا ہے؟" اُن لوگوں کا کیا بنا جو اس جگہ مزے میں رہتے تھے جو آج ویران ہے۔ حضرت سلیمانؑ "آبادی سے گزرتا ہے تو کیا بولتا ہے؟" ہلاکت ہو انسانوں پر مصائب کے طوفان سامنے ہونے کے باوجود کیسے سو جاتے ہیں۔ حضرت سلیمانؑ "دن میں کیوں نہیں نکلتا؟" انسانوں کے ایک دوسرے پر ظلم کرنے کی وجہ سے۔ حضرت سلیمانؑ نے پوچھا "تو مسلسل کیا بولتا ہے؟" اُلّو نے کہا میں کہتا ہوں اے غافل لوگو زادِ راہ لے کر اپنے سفر آخرت کیلئے تیار ہو جاؤ نور کو پیدا کرنے والی ذات پا ک ہے۔ پھر حضرت سلیمانؑ نے ارشاد فرمایا: "کہ پرندوں میں اُلّو سے زیادہ انسانوں کا خیر خواہ اور ہمدرد کوئی نہیں اور جاہل انسانوں کے خیال میں اُلّو سے زیادہ بُرا پرندہ نہیں ہے۔

فتاویٰ قاضی خان میں تحریر ہے کہ اگر اُلّو کے بولنے پر کسی نے کہا کہ کوئی شخص مرجائے گا (یعنی بدشگونی اور نحوست پکڑی) تو کہنے والے کے ایمان کو خطرہ ہے۔ اللہ رب العزت ہمارے ایمانوں کی حفاظت فرمائے۔ آمین

آخر میں نحوست سے بچنے کیلئے دُعا مکرر نذر قارئین ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّاٰتِ اَلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ترجمہ: "اے اللہ نیکیوں کو تیرے علاوہ کوئی نہیں لاسکتا اور بُرائیوں کو بھی تیرے علاوہ کوئی نہیں ہٹا سکتا اور بُرائی سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت تیری مدد کے سوا کسی میں نہیں۔"

چوری ہوگئی ہو

جس دروازے سے چوری کا مال گیا ہو اُس دروازہ پر کھڑے ہو کر سورۃ الطارق روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ چوری شدہ مال واپس مل جائیگا۔ یا خواب میں چور کا پتہ چل جائیگا۔

قید سے رہائی

اگر کوئی قید خانہ سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۃ جن پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ باعزت رہائی نصیب ہوگی اور آسیب ہو تو روزانہ سات مرتبہ پڑھنے سے آسیب بھاگ جائیگا۔

کسی بھی قسم کا درد ھو

وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ. وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا (سورۃ بنی اسرائیل آیت 105) ہر قسم کے درد کے واسطے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ بہت جلد درد جاتا رہیگا۔

بھوک نہ لگتی ھو

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ وَأَنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ (سورۃ النور آیت نمبر 10) اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت کو 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے انشاء اللہ بھوک کھل کر لگے گی۔

گردے میں یا پِتے میں پتھری ھو

وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (سورۃ البقرہ آیت نمبر 74) اگر کسی کے گردے یا پتے میں پتھری ہو تو اس آیت کو 41 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلاتے رہیں انشاء اللہ پتھری ختم ہوگی اور تکلیف دُور ہوگی۔

اولاد زندہ نہ رھتی ھو

وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ (سورۃ الصّافّات آیت نمبر 76) اگر کسی کی اولاد مر جایا کرتی ہو، اور زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتے ہوں اس آیت کو روزانہ صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔

برائے دفعیہ جادو

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ اور مندرجہ ذیل آیت گیارہ بار لکھ کر سحر زدہ پر باندھے اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ عَلِیقاً مَلِیقاً نَالِقاً مَخْلُوقاً کَافِیاً شَافِیاً اِرتضیٰ مُرتضیٰ بِحَقِّ یَابُدُّوحُ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اَشَانَاسَاہ سَالُوسَا

بلڈ پریشر کیلئے

وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (سورۃ آلِ عمران آیت نمبر 134) بلڈ پریشر کا مریض اگر اس آیت کو روزانہ 101 مرتبہ پڑھتا رہے تو انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

سانپ کاٹے کا علاج

جس کسی کو سانپ نے کاٹا ہو اُس پر یہ دُعا پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر پلائے دُعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ قَالَ اَلْقِھَا یَا مُوْسٰی فَاَلْقٰھَا فَاِذَا ھِیَ حَیَّۃٌ تَسْعٰی قَالَ خُذْھَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِیْدُھَا سِیْرَتَھَا الْاُوْلٰی اس آیت کو سانپ کے کاٹے کی خبر لانے والے کی پیشانی پر کلمے کی انگلی سے لکھے اور سات بار درود اوّل و آخر کے ساتھ پڑھ کر دم کرے تو سانپ کا کاٹا ہوا جہاں ہوگا اچھا ہو جائیگا۔

مکان میں آسیبی خلل سے نجات

چار عدد لوہے کی کیلیں لیں اور اُن پر اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم اور وَالعَصر 5/5 بار پڑھ کر دم کر کے چاروں کونوں میں دبا دیں انشاء اللہ مکان جنات کے اثر سے محفوظ رہیگا۔

دیمک اور ھر قسم کے کیڑوں سے حفاظت

یہ عمل 41 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیواروں پر چھڑکیں ہر قسم کے کیڑوں سے نجات ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

برائے کشادگی روزی

روزانہ سورج نکلتے وقت سورۃ فاتحہ 300 بار پڑھیں تو رزق کشادہ ہوگا تجربہ شرط ہے۔

سید قاسم علی نقوی البھاکھری، سیالکوٹ

عدد "9" کی انگوٹھی اور لوح پنجتنؑ اور اسم اعظم یَا مُسھَلُ مبارک بنانے کا صدری راز

برادرم محترم شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی صاحب کی فرمائش پر ہر خاص و عام کے لئے خاندان نقوی البھاکری دربارِ سخی اعتبار شاہ سیالکوٹ کی طرف سے تحفہ۔استفادہ حاصل کرنے سے پہلے سورہ فاتحہ کا ثواب خاندان زنجانیہ اور نقوی البھاکری کے مرحومین کی ارواح کو ہدیہ کریں۔خاندان زنجانیہ کے طفیل بڑے بڑے نایاب صدری اعمال وراز ہر خاص وعام کو مل رہے ہیں۔زمانہ قدیم میں عاملین روحانی اعمال اور راز قبروں میں لے کر دفن ہوجاتے تھے۔عدد "9" کی انگوٹھی ولوح کے روحانی فیوض انگوٹھی ولوح ہر قسم کی نحوست اور بندش کے اعلیٰ ترین توڑ اور بے شمار روحانی فوائد کی حامل ہے۔☆ سلامتی و حفاظت ☆ بیماریوں سے صحت و تندرستی ☆ حصول علم اور ذہنی کشادگی ☆ مقدمات میں فتح ☆ ہر قسمی سحر حسد، نظر بد سے حفاظت ☆ روحانی طاقت ومعراج ☆ دکھوں اور پریشانیوں سے نجات ☆ ذہنی وقلبی سکون ☆ حاسدوں، دشمنوں پر غلبہ ☆ وسعت رزق، کشادگی روزگار ☆ کسی نئے کام کا آغاز کرنے کے لئے تاکہ کامیابی ملے۔لفظ قرآن کے اعداد 351 میں۔قرآن مجید کی پہلی آیت بِسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے جس سے قرآن کا آغاز ہوتا ہے۔یہ قرآن میں 114 مرتبہ آئی ہے۔بِسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد=786 ہیں (114 +786)=900 کا مفرد "9" عدد "9" کی انگوٹھی اور لوح ہر کام کے آغاز کے لئے مؤثر اور مبارک ہے۔حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے ذاتی عدد 135 جس کا مفرد "9" ہے یہی اس کامل ترین عدد کی معراج ہے۔ایک طرف تو عدد "9" قرآن اور آیات قرآنی کا عدد ہے کہ جس کی حفاظت کی ذمہ داری خود ربّ کائنات نے قبول کی ہے۔"اِنَّا نَحنُ نَزَّلنَا الذِّکرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُون" (سورۃ حجر آیت نمبر 9) ترجمہ:۔قرآن لما ذکر ہے اس کی حفاظت کے ہم ذمہ دار ہیں۔عدد "9" اسمائے اعظم یَا مُسھَلُ کا بھی عدد ہے اور اِسم محبوب الٰہی حضرت محمد مصطفیٰؐ کا بھی اِسم ہے۔اس طرح یہ عاشق کا اسم بھی ہے اور محبوب کا اسم بھی ہے۔قیامت تک نسلِ مصطفیٰؐ پھیلتی اور پھولتی رہے گی۔محمدؐ وآل محمدؐ کے دشمن تباہ و برباد ومٹ جائینگے۔اس ذی شان انگوٹھی اور لوح کا استخراج ان عظیم پانچ ہستیوں کے اسمائے مبارک کے باطنی اعداد ملفوظی کرنے سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ان بابرکت اسمائے مبارکہ کے طفیل حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی۔حضرت نوحؑ کو طوفان سے امان ملی۔یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے رہائی ملی۔حضرت یعقوبؑ کو دیدار حضرت یوسفؑ نصیب ہوا اور بینائی ملی۔حضرت یوسفؑ کو اندھے کنویں سے نجات ملی۔

☆ حضرت محمدؐ کے ملفوظی=م ی م+ح ا+م ی م اعداد=224

☆ حضرت علیؑ کے ملفوظی=ع ی ن+ل ا م+ی اا عداد=212

☆ حضرت فاطمہؑ کے ملفوظی=ف ا+ط ا+م ی م+ہ اا عداد=298

☆ حضرت حسنؑ کے ملفوظی=ح ا+س ی ن+ن و ن اعداد=235

☆ حضرت حسینؑ کے ملفوظی=ح ا+س ی ن+ی ا+ن و ن اعداد=246

اعداد کی میزان=224+212+298+235+246=1215

مثلث بنانے کا عمل=1215-3÷3=12

حاصل تقسیم 401 کو خانہ اول میں رکھیں مثلث آتشی چال سے بھریں۔

مشہور زمانہ 9 کی انگشتری بھی جناب سیّدہ بی بی فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہ سے ہی منسوب ہے۔پاک ہستیوں کے نام باوضو لینا افضل ہے اس سبب حرمت کی خاطر اعدی قوت سے فیض پایا جاتا ہے۔قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے ہر شے کا شمار کررکھا ہے۔شرف مریخ یا پھر مریخ کی شمس مشتری سے نظر تسدیس یا تثلیث یا پھر بروز گار، ساعت مریخ میں یہ انگشتری تیار کر کے پہننا بہت افضل ہے۔انگوٹھی تیار ہونے پر دو نفل زیارت جناب سیّدہ بی بی فاطمہؑ پڑھ کر اس کا ثواب ان کو ہدیہ کریں پھر باوضو پہلی بار ساعت مریخ میں انگوٹھی پہن لیں۔یہ ساعت ہر روز بھی آتی ہے۔زیادہ افضل ساعت بروز منگل طلوع آفتاب کے بعد پہلا گھنٹہ (ساعت) مریخ ہی کا ہوتا ہے۔

انگوٹھی			چابی		
٩	٩	٩	٦	١	٨
٩	٩	٩	٧	٥	٣
٩	٩	٩	٢	٩	٤

جو پہن لیجائے یہ انگوٹھی خود تیار نہ کرسکیں وہ چاندی کی دیدہ زیب انگوٹھی اپنے سائز کے مطابق =/1800 روپے میں ادارہ سے بنوا سکتے ہیں۔

انگوٹھی پہننے کا طریقہ

جس شرف میں بنائیں اس ستارے کا متعلقہ دن پہلی ساعت میں پلیٹ میں مٹھائی رکھ کر اور انگوٹھی رکھ کر اول درود شریف پڑھ کر سورہ حمد اور سورہ اخلاص اور سورہ قدر کی تلاوت کر کے سورہ کوثر کی تلاوت کریں اور مٹھائی اور کلام پاک کو ہدیہ کریں۔حضرت محمد مصطفیٰؐ، حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ کی بارگاہ میں، مٹھائی بچوں اور اہل خانہ کو کھلائیں انگوٹھی پہن لیں اس عظیم تحفہ کے مالک بننے پر ربّ کریم کی بارگاہ میں صدقہ بھی پیش کریں۔انگوٹھی آدب سے رکھیں کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو رابطہ کریں۔

ازتحریر: حکیم صوفی غلام سرور شباب قادری، حویلی لکھا

مختلف قسم کے سحر جادو سے پیدا شدہ مسائل اور اُن کا حل

سحر الخمول

کمزوری، سستی اور کاہلی پیدا کرنے کا جادو

اس جادو سے جوڑوں کا درد، کمزوری اور سستی و کاہلی پیدا کی جاتی ہے اور مسحور میں مندرجہ ذیل علامات پائی جاتی ہیں۔

جادوئی علامات

(1) سحر زدہ خلوت اور تنہائی پسند ہو جاتا ہے۔ اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیتا ہے۔ (2) ہر وقت اپنے خیالات میں ہی مگن رہنا اور ذہن میں عجیب و غریب خیالات کا آنا۔ (3) ہمیشہ سست اور بے حس پڑے رہنا، کسی سے بات چیت نہ کرنا۔ (4) مسحور کے بدن اور جوڑوں نیز سر میں اکثر درد ہوتا رہتا ہے۔ (5) کند ذہن ہو جانا اور لوگوں کے ہجوم سے دور رہنا۔

علاج سحر الخمول

(1) سحر الخمول کے مریض کو یہ نقش دیں کہ وہ عرقِ گلاب کی بڑی بوتل میں اسے ڈال دے اور روزانہ صبح و شام اس سے دو، دو گھونٹ عرق پی لیا کرے۔ چالیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کرے، نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

(2) اور یہ نقش کسی موٹی کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے مسحور کو دیں کہ وہ کسی کھلے منہ والے برتن میں نقش کو رکھ کر اس میں ایک پاؤ شہد ڈال دے اور اس سے صبح و شام ایک ایک چمچ شہد کھا لیا کرے۔ ایک ہفتہ بعد اس شہد میں ایسا ہی ایک اور نقش ڈال دیا جائے۔ اسی طرح ہر ہفتہ ایک نیا نقش ڈال دیا جائے اور چھ (6) ہفتے مسلسل استعمال میں لایا جائے۔ اگر شہد کم ہو جائے تو حسب ضرورت اور شامل کر لیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سحری اثرات ختم ہو جائیں گے، نقش یہ ہے:

يَا حَيُّ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ يَا حَيُّ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ

مسحور کے لیے ضروری ہے کہ وہ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ لاتعداد ورد کرتا رہے۔ خاص طور پر رات کو سوتے وقت اور صبح بیدار ہوتے ہی اور نماز فجر کے بعد ایک تسبیح یہ کلمہ پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

سحر الھواتف

غیبی آوازوں کے ذریعہ پریشان کرنے کا جادو

اس جادو کے ذریعے غیبی طور پر جادو کے عمل سے مسحور کی طرف ارواح بھیجی جاتی ہیں، جو عامل کے مقصد کے مطابق مطلوبہ شخص پر اثرات پیدا کرتی ہیں۔ جادو کرنے والے ھواتف سے ہر طرح کے مقاصد پورے کرواتے ہیں۔ عام طور پر مسحور میں مندرجہ ذیل علامات پائی جاتی ہیں۔

جادوئی علامات

(1) پریشان، خوفناک اور ڈراؤنے خوابوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ (2) خواب میں دیکھنا کہ کوئی شخص اُسے بلا رہا ہے۔ (3) حالت بیداری میں آوازیں سنائی دیں جیسے کوئی باتیں کر رہا ہے مگر بولنے والا نظر نہ آئے یا قدموں کی آہٹ محسوس ہو جیسے قریب سے کوئی گزرا ہو۔ (4) بہت زیادہ وسوسے آنا، کبھی اپنے بدن پر کسی کا لمس محسوس کرنا۔ (5) اپنے دوست احباب کے بارے میں زیادہ شکوک و شبہات میں مبتلا ہونا۔ (6) خواب میں دیکھنا کہ جیسے وہ کسی اونچی جگہ سے گزر رہا ہے۔ (7) خواب میں ایسے حیوانات نظر آئیں

جواس کے پیچھے بھاگ رہے ہوں۔ (8) سحر الھواتف اگر قدیم ہو جائے تو یہ سحر الجنون میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

علاج سحر الھواتف

(1) سحر الھواتف کے مسحور کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزانہ رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھا کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاَخْسِئْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى

اس کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھے اور اسے اپنا معمول بنالے۔

(2) سحر الھواتف کے مریض کو یہ نقش تحریر کر کے دیں کہ وہ اسے اپنے پاس رکھے، گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر الھواتف کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ	حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ	حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(3) سحر الھواتف کے مریض کے علاج کے لیے سورۃ جن کا یہ نقش بھی بڑا مفید ہے۔ اسے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۵۸۷۸	۱۵۸۸۱	۱۵۸۸۵	۱۵۸۷۱
۱۵۸۸۴	۱۵۸۷۲	۱۸۵۷۷	۱۵۸۸۲
۱۵۸۷۳	۱۵۸۸۷	۱۵۸۷۹	۱۵۸۷۶
۱۵۸۸۰	۱۵۸۷۵	۱۵۸۷۴	۱۵۸۸۶

سحر المرض

مختلف بیماریوں میں مبتلا کرنے کا جادو

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس جادو سے سفلی عامل لوگوں کو مختلف بیماریوں میں مبتلا کرتا ہے۔

طریقۂ سحر

اس مقصد کے لیے سفلی عامل مطلوبہ فرد کا پتلا بنا کر اس کے کسی عضو میں جادو کا عمل پڑھ کر لوہے کی کیل یا کانٹے لگا دیتا ہے۔ پھر اس کو کسی قبرستان یا ویران جگہ یا آگ کے قریب دفن کر دیتا ہے تو دشمن کے اس عضو میں بیماری پیدا ہو جاتی ہے، جہاں جادو کا عمل کیا جاتا ہے اور بعض اوقات کسی کو بیمار کرنے کی غرض سے اُسے کسی کھانے پینے والی چیز میں جادو کا عمل کھلا دیا جاتا ہے اور کھانے والا بیمار ہو جاتا ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جادو کرنے والا کسی شیطان یا ارواحِ خبیثہ کو مسلط کر دیتا ہے اور وہ مطلوبہ شخص کو بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ کچھ جادو اس قسم کے بھی ہوتے ہیں کہ اگر علاج نہ کیا جائے تو مریض بیماری کی شدت سے چل بستا ہے۔ سحر المرض اگر قدیم ہو جائے تو وہ سحر الجنون میں بھی تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس جادو سے جادوگر لوگوں کو بے شمار مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔

سحر علامات

(1) مسحور مرد یا عورت کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ وہ کسی جسمانی علاج سے صحت یاب نہیں ہوتے، ادویات اثر نہیں کرتیں، بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جسمانی علاج کروانے سے مرض میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔

(2) جسم کے کسی حصے میں مستقل درد ہونا۔ (3) بے ہوشی کے دورے پڑنا یا تشنج کی شکایت ہونا۔ (4) جسم کے کسی خاص حصے کا بے حس و حرکت ہو جانا۔ (5) حواسِ خمسہ میں سے کسی ایک کا ناکام ہو جاتا ہے۔ (6) پورے جسم میں دردوں کا ہونا۔ (7) پیٹ خراب رہنا۔ (8) جسمانی علاج یعنی ادویات سے صحت یاب نہ ہونا۔

علاج سحر المرض

سحر المرض کے مریض کے لیے مندرجہ ذیل نقش تحریر کریں اور مریض مسحور کے گلے میں ڈال دیں اور ایسے ہی ایک نقش زعفران وگلاب کی روشنائی سے تحریر کر کے مریض کو پینے کے لیے دیں۔ایک تعویذ عرقِ گلاب میں ڈال دیں اور روزانہ صبح وشام اس سے دو دو گھونٹ پی لیا کریں۔ایک ہفتے بعد نیا تعویذ عرق میں ڈال دے۔اس طرح ہر ہفتے نیا تعویذ ڈالے اور چھ ہفتے تک مسلسل استعمال کرے۔انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی،نقش مبارک یہ ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۱۴	۹۹۸۲۶
۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۹	۹۹۸۱۵
۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۶	۹۹۸۱۷	۹۹۸۲۲

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

(2) یہ نقش سحر المرض کے لیے حسب استعمال کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے اور ہر مرض سے شفاء ملے گی،نقش اگلے صفحہ پر فرمائیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآئُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶۶۷۷	۶۶۹۱	۶۶۸۸	۶۶۸۴
۶۶۸۸	۶۶۸۳	۶۶۷۸	۶۶۹۰
۶۶۸۲	۶۶۸۵	۶۶۹۳	۶۶۷۹
۶۶۹۲	۶۶۸۰	۶۶۸۱	۶۶۸۶

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

ہر مرض سے نجات

ہر مرض جو سحر کی وجہ سے ہو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کریں اور عرقِ گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مسحور اکیس یوم تک صبح وشام روزانہ دو،دو گھونٹ پی لیا کرے،انشاء اللہ ہر مرض سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ال	ق	ا	د	ر
د	ر	ال	ق	ا
ق	ا	د	ر	ال
ر	ال	ق	ا	د
ا	د	ر	ال	ق

تَقَدَّ كُوْ كِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَبَهْجَة۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَانُوْرُ جَلْجَلَتْ
تَقَدَّ كُوْ كِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَبَهْجَة۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَانُوْرُ جَلْجَلَتْ
تَقَدَّ كُوْ كِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَبَهْجَة۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَانُوْرُ جَلْجَلَتْ

جان لیوا جادو سے نجات

اگر کسی شخص پر جادو کر دیا گیا ہو اور وہ سحر کی وجہ سے مختلف امراض میں مبتلا ہو چکا ہو،ادویات بے اثر ہو چکی ہوں اور جان کی ہلاکت کا خوف ہو،ایسے مریض مسحور کے لیے نقش دو عدد تحریر کریں۔ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا نقش عرقِ گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مریض صبح وشام عرق پیتا رہے۔اکیس روز تک مسلسل پینا ضروری ہے،اللہ تعالیٰ کے حکم سے سحر جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض صحت یاب ہو جائے گا،نقش یہ ہے:

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸۴۶	۸۴۹	۸۵۲	۸۳۹
۸۵۱	۸۴۰	۸۴۵	۸۵۰
۸۴۱	۸۵۴	۸۴۷	۸۴۴
۸۴۸	۸۴۳	۸۴۲	۸۵۳

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَ يُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

سحر النزیف

خونِ حیض جاری کرنے کا جادو

سحر النزیف بے شک خونِ حیض جاری کرنے کے لیے مشہور ہے مگر اس جادو سے سفلی عامل بواسیر کا خون، سل دق کا خون اور دشمن کے مختلف اعضاء سے خون جاری کرتے ہیں۔ اس جادو سے خون کی قے بھی جاری ہو جاتی ہے۔ حتیٰ کہ تمام خونی امراض اسی جادو سے جادو کرنے والے پیدا کر لیتے ہیں۔

طریقِ سحر

گو کہ یہ جادو صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہے مگر جادو کرنے والے اس سے عجیب وغریب کام لیتے ہیں۔ خونِ استحاضہ جاری کرنے کے لیے جادو کرنے والا ایک لیموں اور سیہہ جانور کا کانٹا لے کر جادو کا عمل پڑھ کر لیموں میں گاڑھ دیتا ہے، جب تک کانٹا لیموں میں رہتا ہے، خون جاری رہتا ہے۔ بعض اوقات جادوگر سحر المرض اور سحر الھواتف سے بھی ایسے کام لیتے ہیں اور بعض اوقات کسی شیطان جن یا ارواح خبیثہ کو اس مقصد کے لیے استعمال کرتا ہے۔

علامات

(1) اس جادو کی علامات ظاہر ہیں عورتوں کا خونِ حیض جاری ہو جاتا ہے اور جسمانی علاج یعنی ادویات سے بند نہیں ہوتا۔ (2) جسم کے کسی عضو سے خون جاری ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے جاری رہتا ہے۔

علاج سحر النزیف

اگر کسی عورت کا خون حیض سحر النزیف کی وجہ سے جاری ہو اور بند نہ ہو رہا ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ تین عدد جامن کے پتے لے کر ہر ایک پر نقش تحریر کریں اور ایک پتہ صبح ایک شام کو پانی میں جوش دے کر مریضہ کو پلا دیں۔ اسی طرح تین یوم کریں اور ایک نقش کاغذ پر تحریر کر کے مریضہ کو دیں تاکہ وہ تعویذ کو اپنی کمر میں باندھے تاکہ تعویذ مریضہ کے ناف کے مقام پر رہے انشاءاللہ خون بند ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے:

یَا قَابِضُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یَا قَابِضُ

۶۹۵	۶۹۸	۷۰۱	۶۸۸
۷۰۰	۶۸۹	۶۹۴	۶۹۹
۶۹۰	۷۰۳	۶۹۶	۶۹۳
۶۹۷	۶۹۲	۶۹۱	۷۰۲

یاقابض اقبض ھذاالدم الجاری من الرحم بقبضك یاقابض

زیادتی حیض

اگر کوئی عورت زیادتی حیض سے پریشان ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل کیا جائے۔ ذیل کے نقش کو چار مرتبہ سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ اب عورت کے قد کے مطابق سات سفید دھاگے لے کر اس پر سات گرہ لگائیں۔ تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں کہ گرہ کے دائرہ میں دم کریں۔ پھر اس دھاگہ میں ایک نقش باندھ کر عورت کو دیں تاکہ وہ اسے اپنی کمر سے اس طرح باندھ لے کہ نقش پیٹ پر رہے اور باقی تین نقوش میں سے ایک ایک نقش عرقِ گلاب کی بوتل میں ڈال کر سات سات گھونٹ صبح و شام پیتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

یَا قَابِضُ الَّذِیْ بِحَقِّ یَا قَابِضُ بستم زیادتی حیض فلاں بنت فلاں یا قَابِضُ

ازتحریر: سیّد فیض عمران، فیصل آباد

آیاتِ قرآنی سے شرطیہ علاج قرآنی عملیات

بندہ حقیر آپ سب کی خیریت صحت وسلامتی کے لئے دعا گو ہے خدا پاک بحق محمد ﷺ وآل محمدؐ آپ سب کی مشکلات ختم فرمائے۔ آئینہ قسمت ہر ماہ اپنے تحقیقی مضامین میں بے مثال ہے آئینہ قسمت میں استخارہ وزائچہ عملیات آیات قرآنی حدیث نبوی ﷺ فرامین آئمہ معصومین علیہ السلام موجود ہے یہ سب کاوش زنجانی برادران کی ہے خدا پاک آپ سب کو سلامت رکھے ہر سال کی طرح چند بیماریوں کا آیات قرآنی سے علاج بتا رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس مقدس پاک قرآن مجید کو جہاں انسانیت کے لئے ہدایت بنا کر بھیجا اسی طرح یہ کتاب ہر موذی بیماری کا علاج وحل بھی بتاتی ہے قرآن پاک میں ہے مجھ میں ہر چیز کا ذکر موجود ہے قرآن پاک ہی الشفاء الرحمۃ ہے قرآن پاک میں ہی سائنس وسائنسدان حکیم وحکمت فلسفہ وڈاکٹری سب علم وعلوم کا سرچشمہ قرآن پاک ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن پاک اور سیرۃ آئمہ معصومین علیہ السلام پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ قرآن پاک پر کامل یقین رکھنے والوں کے لئے آیات قرآنی سے شرطیہ علاج یہ ہے۔

1۔ شوگر (ذیابیطس):۔ وہ افراد جو شوگر کے مرض میں مبتلا ہوں اور دوائیوں کا استعمال نہ چاہتے ہوں نہار منہ اونٹنی کا دودھ ایک گلاس نیم گرم استعمال کریں اور ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں اور رات کو گرم دودھ گلاس پر 5 مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں وظیفہ یَا لَطِیفُ 110 مرتبہ پڑھیں آیت الکرسی کا نقش گلے میں ڈالیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

2۔ ہارٹ اٹیک (دل کے مریضوں کے لئے):۔ دل تکلیف (ہارٹ اٹیک) کے مریض صبح وشام 114 مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھیں اور سورۃ یٰس کا تعویذ گلے میں لکھ کر ڈالیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

3۔ دمہ:۔ دمہ ایک سانس کی مہلک بیماری ہے سورۃ تغابن پارہ نمبر 28 پانی پر 214 مرتبہ پڑھ کر یہ پانی 21 دن صبح وشام پئیں لوح قرآنی کا نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

4۔ کینسر:۔ یہ مرض موذی اور خطرناک ہے لیکن قرآن پاک وہ عظیم کتاب ہے جس میں ہر بیماری کا علاج موجود ہے۔ لسرے مریض سورۃ الرحمٰن پارہ نمبر 27 پانی پر 514 مرتبہ پڑھیں۔ یہ پانی 14 معصومین علیہ السلام کے صدقے 14 دن صبح وشام پئیں ساتھ ہی دعائے جوشن کبیر یا آیت الکرسی کا زعفران کا نقش گلے میں ڈالیں۔ سورۃ رحمٰن کا پانی بھی پئیں شفاء ہوگی ایک اور نادِ علی علیہ السلام کا عمل کینسر کا نقش بھی ہے رابطہ کر کے معلوم کریں۔

5۔ ہیپاٹائٹس (اے، بی، سی):۔ یہ بیماری بہت خطرناک اثرات پھیلا رہی ہے ڈاکٹر سے علاج کروا کر بھی ہیپاٹائٹس اے، بی، سی کے انجکشن بھی لگوا کر کچھ لوگ پریشان ہیں تو پھر یہ خدا پاک کی کتاب قرآن پاک کا علاج کریں شفاء ہوگی۔ شرط صرف یقین محکم قرآن پاک دل میں رکھے۔ 372 مرتبہ سورۃ یٰس پانی پر پڑھیں ایک سٹیل کے برتن پر سورۃ یٰس لکھ کر سورۃ یٰس کا پڑھا ہوا پانی اس میں ڈال کر وہ پانی 14 دن پئیں دعائے جوشن کبیر کا زعفران کا نقش گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

6۔ ڈپریشن:۔ گھبراہٹ، دل ودماغ میں ہر وقت خوفناک حالات، اثرات جادو کی وجہ سے ایسا ہوسکتا ہے زائچہ گردش میں ہو تو بھی ڈپریشن کا مسئلہ ہوسکتا ہے رات کو سوتے وقت 7 مرتبہ آیت الکرسی اور سورۃ ملک کی تلاوت کر کے سویا کریں گلے میں نادِ علی علیہ السلام کا نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

7۔ بواسیر (خونی وبادی):۔ بواسیر کا علاج آیات قرآنی سے 21 دن روزانہ سورۃ فاتحہ 9 مرتبہ، ایک مرتبہ سورۃ اعلیٰ پارہ نمبر 30 اوّل وآخر 14 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ 9 انجیروں پر دم کر کے صبح وشام کھائیں نیز سورۃ یٰس کا نقش گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

8۔ معدے اور جگر کی بیماری:۔ 372 مرتبہ سورۃ الکوثر پانی پر پڑھیں یہ پانی صبح وشام 14 دن پئیں لوح قرآنی کا زعفران کے ساتھ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

9۔ بلڈ پریشر:۔ لو (Low) ہو (High) ہائی ہو پانی پر سورۃ مزمل 172 مرتبہ پڑھ کر یہ پانی صبح وشام 41 دن پئیں۔ آیت الکرسی کا نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں شفاء ہوگی۔

10۔ بے اولادی:۔ ہر انسان کی خواہش اور تمنا ہوتی ہے کہ اس کا وارث ہو اولاد ہو یہ مناجات دعائیں تو انبیاء کرام نے بھی کی ہیں۔ عمل اولاد یہ ہے صبح و شام 1000 مرتبہ رَبِّ لَا تَذَرۡنِی فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ پڑھیں مزید ہم نے آیات قرآنی سے مکمل علاج کروائیں بفضلِ خدا اولاد ہوگی۔

11۔ کمر درد:۔ جن افراد کو کمر درد ہوتا ہے وہ نقش نادِ علی علیہ السلام کبیر زعفران کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں سورۃ رحمٰن 41 مرتبہ پڑھیں سورۃ رحمٰن تیل پر پڑھ کر 14 دن مالش کریں۔

12۔ برائے گردہ پتھری:۔ کلونجی کے تیل پر سورۃ مدثر پارہ نمبر 29 کو 114 مرتبہ پڑھیں۔ اس تیل کی مالش کریں شفاء ہوگی۔ مزید آیات قرآنی سے 21 دن عمل کریں پتھری گردہ کے درد کے علاج کے لئے رابطہ کریں۔

13۔ فالج:۔ فالج کے مریض سورۃ اعلیٰ پارہ نمبر 30 کو 114 مرتبہ پانی پر پڑھ کر یہ پانی 14 دن صبح وشام پئیں۔ آیت الکرسی کا نقش گلے میں ڈالیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

14۔ امتحانات میں کامیابی کے لئے:۔ جو طالب علم امتحانات کی وجہ سے پریشان ہیں وہ حصول تعلیم کے لئے صبح وشام 1000 مرتبہ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا پڑھا کریں۔

15۔ کاروباری بندش:۔ نماز عشاء کے بعد سورۃ واقعہ 5 مرتبہ تلاوت کریں یَا کَرِیۡمُ، یَا غَنِیُّ صبح وشام 100 مرتبہ پڑھیں سورۃ واقعہ کا نقش زعفران سے بنا کر اپنے پاس رکھیں۔

16۔ رشتوں کی بندش کا حل:۔ سورۃ فجر 14 دن 114 مرتبہ پڑھیں دعائے جوشن کبیر آیۃ الکرسی کا نقش زعفران کے ساتھ بنا کہ پاس رکھیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

اس سال اوجِ عطارد 6 اکتوبر سے 7 اکتوبر تک ہوگی اوجِ عطارد اکثر عامل جفر ایسے عمل تیار کرتے ہیں جو ترقی، دولت، عزت، شہرت، مرتبہ، تعلیم میں کامیابی، مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنا، تسخیر خلق، رجوع خلق کے لئے ایک عمل لکھتا ہے۔

عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ھے:۔

سورۃ یوسف اعداد قمری 5039800 طالب معہ والدہ 712 مقصد خاص 440 کل اعداد 505132 تفریق 58440 باقی 446692 تقسیم 5 باقی 2 تو خانہ نمبر 16 میں ایک کا اضافہ کریں حاصل تقسیم 89338 کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 25 تک ہر خانہ میں 974 کا اضافہ کریں۔ اس طرح میزان چاروں طرف سے درست آئے گی۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ کا کا خایل اور میرے صاحبزادے سید محمد ابوعبداللہ شاہ کا کا خیل اور عامل سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کے حق میں دُعا خیر کریں اللہ پاک بہت برکت دیں۔

اللہ للہ لہ ہو

محمدﷺ	٢٥	١٩	١٣	٧	١	حسینؑ
علیؑ	٨	٣	٢١	٢٠	١٤	محمدؐ
	١٦	١٥	٩	٣	٢٢	صلی اللہ
فاطمہؑ	٤	٢٣	١٧	١١	١٠	علیہ وآلہ
حسینؑ	١٢	٦	٥	٢٤	١٨	وسلم

اللہ للہ لہ ہو

وھاب
مصوّر
حکیم
ستار
عاقب
واسع
باسط
حلیم
فتّاح
غفار
رزاق
واسع قائم
وھاب
ماجد
داع مّاح
واجد

جادو اور اسکا قرآنی علاج

از تحریر: قیصر علی صراطِ مستقیم، لاہور

جادو کیا ہے؟

عربی میں اسے سحر کہتے ہیں انگلش میں MAGIC اور فارسی میں آسیب ہے۔ جادو ایک ایسا علم ہے جو کلیتاً خرابی اور بیماریِ پر مشتمل ہے جس کے ذریعے سے دوسرے کو نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ فائدہ نہیں کیونکہ جادو میں صرف شر ہے خیر کا کوئی پہلو نہیں۔ علامہ نووی کے الفاظ میں سحر حرام ہے اور بڑے گناہوں میں شمار ہوتا ہے اور اللہ کے پیارے نبی رحمۃ للعالمینؐ نے اسے مہلک اور نقصان دہ چیزوں میں شمار کیا ہے۔

وَ اتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً

(سورۃ الانفال 25)

ایسے فتنے اور بلاء سے بچو جب وہ آتا ہے تو صرف ظالموں کو اپنی گرفت میں نہیں لیتا بلکہ خشک وتر اور نیک وبد کو ایک ساتھ اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اور اُن کو عذاب پہنچاتا ہے دنیا میں حق و باطل دونوں قوتیں موجود ہیں جو ہمیشہ برسرِ پیکار رہتی ہیں آدمؑ کے مقابل ابلیس آیا۔ ابراہیمؑ کا تقابل نمرود سے ہوا۔ حضرت موسیٰؑ کو فرعون نے دریا میں چیلنج کیا اور حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مقابلہ ابوجہل اور ابولہب سے رہا نتیجہ کیا ہوا حق غالب آیا باطل کو منہ کی کھانی پڑی۔ نورانی الفاظ کے اثرات ہمیشہ ایک وقت معین کے بعد ظلماتی تاثرات پر غالب آتے ہیں۔ عامل کیلئے یقین کامل کا ہونا ضروری ہے۔ سحر یا جادو کیسا ہی ہو انجام کار انسان اپنی ضروریات زندگی حاصل نہیں کر پاتا۔ کاروبار کی بندش، لڑکی کی شادی میں تاخیر، تنور کی آگ کو باندھنا، گاہکوں کو جادو کے ذریعے روکنا، میاں بیوی میں ناچاقی پیدا کرنا، بچہ زیادہ دیر روتا رہے کسی بیماری میں مبتلا کر دینا، دوکانداری باندھ دینا، صحت خراب کر دینا، غفلت طاری کر کے بیکار کر دینا، خوشیوں سے محرومی، مقروض ہو جانا، خوف کا مسلط کر دینا، ذلت وخواری میں مبتلا کرنا ہو یا کسی پر خوف مسلط کر دینا اور ہر کام میں انجام نقصان کی صورت میں ہونا وغیرہ۔ جب کبھی بھی ان جیسی یا ان مشکلات میں گھرا ہوا ہو تو اس کیلئے درج ذیل عمل حاضر خدمت ہے۔ کلام الٰہی کا فض، فیضِ خاص اور ہر مشکل کا حل بھی ہے یہ عمل خاص وعام سب کر سکتے ہیں بہت آسان اور تیر بہدف ہے بس تھوڑی محنت درکار ہے۔ یقینِ کامل کے ساتھ عمل کرے اور اللہ کے کلام سے فیض حاصل کرے۔

عمل نمبر1

یہ عمل ہر خاص و عام کر سکتا ہے میری اجازت ہے بس پاکیزگی اور طہارت کے مسائل سے واقف ہو اس عمل کو خود انفرادی نیت سے یا اپنے گھر والوں کیلئے اجتماعی طور پر بھی کر سکتا ہے۔ مشکلات اور مسائل بہت زیادہ اور شدید ہوں تو ایک بار انفرادی اور ایک بار اجتماعی طور پر کر سکتا ہے۔

جز (1) اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَ اَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ اس کی کل تعداد تیس ہزار بار (30,000) مکمل کرنا ہے۔ روزانہ پڑھنے کی تعداد معین نہیں جتنے دنوں میں مکمل کر لیں۔

جز (2) یَاغَفُوْرُ یَارَحِیْمُ اس اسماء کو بھی تیس ہزار بار (30,000) کی تعداد میں پڑھنا ہے جتنے دنوں میں مکمل کر لیں۔

جز (3) یَاحَسِیْبُ یہ اسم مقدس تیس (30,000) ہزار بار لکھنا ہے روزانہ لکھنے کی تعداد معین نہیں جتنے عرصے میں لکھ سکیں۔ بہتر ہے کسی کاپی میں لکھئے اور بعد ازاں ان کا پیوں یا کاپی کو سنبھال کر رکھیں اور کسی کپڑے میں باندھ کر خوشبو وغیرہ لگا کر رکھیں۔

جب یہ تینوں جز مکمل ہو جائیں تو مندرجہ ذیل عمل شروع کر دیں۔ اس عمل کی تعداد 301 بار روزانہ ہے روزانہ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد بغیر اٹھے عمل شروع کر دیں پاس خوشبو سہلگائے۔ عمل بلاناغہ 41 یوم کریں خواتین 19 یوم کا تعین کریں۔

بِسمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یَامُقَدِّرُ قَدِّرْ یَامُدَبِّرُ دَبِّرْ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ

بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o 301 بار

اللہ رب العالمین صدقہ معصومینؑ سب کو عمل کرنے میں کامیابی عطا فرمائیں اور سب کے جائز مقصد میں کامیابی ہو۔ آخر میں ایک التجا کہ جن حضرات کو اس عمل میں کامیابی ہو وہ مجھ فقیر یا شہزادہ سید انتظار حسین شاہ صاحب کے حق میں دُعا فرمائیں۔

از تحریر: ظفر اقبال خٹک، اٹک

مضبوط دفاع ہی ہماری حفاظت کا ضامن ہے!!

اس کائنات کی بھیڑ بھاڑ، افراتفری، حسد و فسد، بغض کے اعمال اور جنات اور آسیبی اثرات کا سامنا ہر وقت ہر انسان کو درپیش ہے۔ یہ سلسلہ انبیاء کرام کے ادوار میں بھی موجود تھا اور آج بھی موجود ہے۔ فی زمانہ ہر انسان کو اپنے دفاع کی اشد ضرورت ہے یہ دفاع ذاتی ہو یا خاندانی سطح کا اس کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا بالخصوص عاملین حضرات ان خطرات سے ہر وقت دو چار رہتے ہیں ہر قدم پر رکاوٹیں، نحوستیں اور مداخلت بجلی کے کرنٹ سے بھی تیز حالت میں ان کے تعاقب میں رہتی ہیں ایسے عالم میں دفاع سے غفلت ایک بڑے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ دفاع کی اس ضرورت اور اہمیت کے پیش نظر میں آج آنحضور ﷺ کے اُس خط کو پیش کر رہا ہوں جو آپ ﷺ نے روئے زمین کے تمام جنات کے نام لکھا تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس نامہ مبارک کو حضرت علی علیہ السلام سے لکھوا کر حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔ حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ رات کو اسے اپنے تکیہ میں رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رون اور فریاد کرنے کی آواز آئی۔ ہائے مر گیا، ہائے جل گیا، اے ابو دجانہ رضی اللہ عنہ اب میں تیرے گھر میں کبھی نہ آؤں گا، نہ تیرے قرب وجوار میں رہوں گا، مجھے معاف کر دے، مجھے چھوڑ دے، مجھے جانے دے، حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے کہا جب تک میں رسول خدا ﷺ سے مشورہ نہ کر لوں ہرگز ہرگز تجھے نہیں چھوڑ سکتا۔ چنانچہ اگلی صبح حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز آنحضور ﷺ کی اقتداء میں ادا کی اور گزشتہ رات کا درپیش سارا واقعہ آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کر دیا۔ اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے ابو دجانہ رضی اللہ عنہ جنات کی قوم پر رحم کر اور میرا نام وہاں سے ہٹا لے ورنہ قیامت تک یہ جنات اسی عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے وہ نامہ مبارک اپنے تکیہ کے نیچے سے ہٹا دیا۔ تمام جن ان کے گھر سے فرار ہو گئے اور اُس کے بعد پھر کبھی اُن کے مکان میں نہیں آئے۔

حضرات! یہ حضور ﷺ کا نامہ مبارک سارے جہاں کے جنات کے نام لکھا ہوا ہے جس کسی کے مکان میں جن بھوت یا آسیب کا اثر ہو تو اس نامہ مبارک کو کسی عالم، فاضل یا عامل سے لکھوا کر اپنے مکان میں لٹکا لیں یا مکان کی اندرونی دیوار پر چسپاں کر دیں، انشاء اللہ تعالیٰ اس نامہ مبارک کی برکت سے اثرات بد دفع ہوں گے۔ اسی طرح جس شخص (مرد/عورت) کو جن بھوت کا اثر ہو اس کے گلے میں اگر یہ نامہ مبارک لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے ڈال دیا جائے تو جن، بھوت کی مجال نہیں کہ پھر ٹھہر سکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر بیمار شخص سے فوراً دفع ہوگا۔ لیکن اس نامہ مبارک سے بھرپور فائدہ اُٹھانے کیلئے اس کی زکوٰۃ ادا کرنا از حد ضروری ہے۔ زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے: نصف شب کو غسل کرے۔ اس کے بعد 12 رکعات بہ نیت تہجد پڑھے۔ اس کے بعد 1000 (ایک ہزار) مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَ الْاَحْمَرِ وَ الْاَصْغَرِ وَ الْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھے۔ اس کے بعد 131 (ایک سو اکتیس) بار نامہ مبارک کی تلاوت کرے تو آپ اس کے عامل بن گئے۔ اس کے بعد حسب ضرورت جب کبھی کسی کو لکھ کے دیں گے تو انشاء اللہ جن، بھوت اور آسیب فوراً دفع ہوں گے۔ آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور اس ناچیز اور حقیر کے حق میں دُعا کر دیجئے گا!

آنحضور ﷺ کا خط روئے زمین کے تمام جنات کے نام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰی مَنْ یَّطْرُقُ مِنَ الْعُمَّارِ وَ الزُّوَّارِ وَ السَّآئِحِیْنَ اِلَّا طَارِقٍ یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ، اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَ لَكُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا اَوْ دَاعِیًا حَقًّا بَاطِلًا فَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ یَنْطِقُ عَلَیْنَا وَ عَلَیْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ رُسُلُنَا یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِیْ هٰذَا وَ انْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَ اِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَ بَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

از تحریر: سید مصور علی زنجانی

خاص عمل وسعت رزق

سبھی شرفاتِ کواکب خصوصاً شرفِ قمر کا خاص عمل

شرف قمر ابتداء 15 اکتوبر 2019ء 01:19 منٹ پر جبکہ انتہاء 15 اکتوبر 2019ء 03:17 منٹ پر ہوگا

عمل کی ترکیب پر غور کریں اور وقت سے پہلے عمل تیار کریں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

(1) سورۃ والشمس کے اعداد شمسی لیں اور ان کے حروف بنالیں۔ اگر تین حروف ہیں تو پہلے حرف سے مؤکل (آخر میں آئیل لگائیں) دوسرے سے جن (آخر میں یوش لگانے سے) تیسرے حرف سے اعوان (آخر میں طیش لگانے سے) بناؤ۔ اگر چار حروف ہوں تو پہلے دو اکٹھے کر کے مؤکل بناؤ اور باقی سے جن اور اعوان تیار کرو۔

(2) اس سورۃ کے اعداد قمری لے کر ان کے حروف بنا کر حسب سابق اسمائے ثلاثہ مذکورہ پیدا کرو۔

(3) اپنے نام مع والدہ کے اعداد شمسی لے کر ان کے حروف بنا کر مؤکل جن اور اعوان پیدا کرو۔ یہ نو (۹) نام ہونگے۔

(4) اب مثلث آتشی چال میں اس طرح پر کرو۔ سورۃ الشمس سے شمسی حروف سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ اول دوم سوم میں لکھیں۔ ابجد قمری سے پیدا کردہ مؤکل جن اور اعوان نقش کے خانہ نمبر چہارم پنجم اور ششم میں پر کریں۔ اپنے نام سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ نمبر ۷۔۸۔۹ میں لکھیں۔ نقش کے اوپر ۷۸۶ لکھیں۔

(5) سورج گرہن کے وقت نقش لکھنے سے قبل غسل کریں۔ پاکیزہ کپڑا پہنیں۔ معطر ہو کر صندل سرخ کا بخور سلگائیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نئی قلم اور زعفران سے نقش لکھیں بعد میں اس نقش کو نگینہ کے نیچے رکھ دیں۔ انگشتری چاندی کی ہو۔

(6) گرہن کے دوسرے دن جو تاریخ ہوتی بار سورۃ شمس پڑھ کر انگوٹھی پر دم کریں اور ایک ایک کے اضافہ سے روزانہ سورۃ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ پڑھنے کی تعداد 40 روز تک ہے۔ تو عمل ختم سمجھیں۔ پڑھنے کا وقت ساعت شمس ہے۔ رات کو نہ پڑھیں۔ اس طلسم کے اثرات میں سے ترقی ملازمت، وسعت رزق، تسخیر خلائق کے علاوہ بہت کچھ فوائد ملیں گے۔ مثال حاضر ہے۔

(1) سورۃ شمس کے اعداد ۸۱۱۴۷ خ ش غ ا ظ ی

خشائیل ۔ غایوش ۔ ظیطیش

(2) سورۃ شمس کے اعداد قمری ۱۷۰۷۱ ا ع زی غ

اعائیل ۔ زیبوش ۔ غطیش

(3) انتظار حسین ۲۵۳۱ ا س ل ب ی

اسائیل ۔ لبیوش ۔ یطیش

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

جبرائیل

لبیوش	خشائیل	غطیش
ظیطیش	زیبوش	اسائیل
اعائیل	یطیش	غایوش

عزرائیل — اسرافیل

وسعت رزق

از تحریر: سید مصور علی زنجانی

اسم الٰہی "یا باسط" کے مجرب عملیات، عمل دست غیب

طریق اول دعوت اسم یا باسط

فراخیٔ رزق اور دست غیب کی نیت سے جب نیا چاند نظر آئے اتوار کے دن سے بعد از نمازِ فجر مندرجہ ذیل طریقہ سے دعوت کرے۔ واضح رہے کہ ان عملیات میں پرہیز جلالی و جمالی بہت ضروری ہے۔

سب سے پہلے چار رکعت نماز نفل اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات دفعہ سورۃ والشمس، دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات دفعہ سورۃ واللیل 8 دفعہ، تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے سات دفعہ سات دفعہ سورۃ والضحیٰ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات دفعہ سورۃ الم نشرح پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو ایک سو بار کوئی سا درود شریف پڑھے۔ بعد ازاں چار ہزار تین سو ساٹھ مرتبہ اسم "یامنعم" تلاوت کرے۔ بعد ازاں 25 دفعہ سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ حشر کی آخری آیت ومن تیق اللہ سے تا آخر تک ایک سو بار پڑھے۔ بعد ازاں 13 مندرجہ ذیل آیت تلاوت کرے۔

ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تا وانت خیر الرازقین پڑھے۔ پھر سو بار یہ پڑھے۔ یا باسط الذی یبسط الرزق من یشاء بغیر حساب۔ اس کے بعد 72 مرتبہ اسم یا باسط تلاوت کرے۔ اسی طرح 40 روز تک دعوت کرے۔ لیکن ساتھ ہی نقش یا مثلث 72 مرتبہ لکھ کر آبِ رواں میں روزانہ بہاتا رہے۔ نقش دوپائی لکھنے کا طریقہ یہ ہے: کہ 72 نقوش لکھنے سے پہلے اور آخر میں 72 مرتبہ یہ پڑھے۔ یا باسط الذی یبسط الرزق من یشاء بغیر حساب۔ تمام نقوش لکھ کر آبِ رواں میں دھو ڈالے۔ نقش دوپائی کے خانے بناتے وقت ہر خانہ کا متعلقہ اسم پڑھے اور پُر کرتے وقت سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھے لیکن ایک اور نقش کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے، کاغذ والے نقش کے ہر خانہ کو پُر کرتے وقت سات دفعہ سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھے۔ اس کے بعد جب ضرورت ہو نقش کے خالی خانہ میں اپنی ضرورت کی رقم کا بندوبست فوراً ہو جائے گا۔ ضرورت سے زیادہ نہ لکھے۔ پہلے لکھے ہوئے کاغذ کے نقوش کو آبِ رواں میں بہا دے۔ نقوش پر 72 دفعہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کرے۔ یا باسط اجب یا جبرائیل سامعاً مطیعاً بحق یا باسط۔

اسماء نہ خانہ ثلاثی

اططھیال۔ بططھیال۔ جططھیال
دططھیال۔ ھططھیال۔ وططھیال
زططھیال۔ حططھیال۔ طططھیال

نقش دوپائی

۹	۷	۲
۷	۲	۹
۲		۷

اجب یا عطرائیل بحق یا باسط یا فتاح افتحنی السیوم فتوحات کثیرۃ من الغیب اجب یا مالی نوسیا اجب یا جبرائیل یا اسرافیل یا ھمرائیل یا اسمٰعیل بحق یا باسط الرزق لمن یشاء بغیر حساب۔

طریق دوم

نئے چاند کی اتوار کے دن چلہ کی نیت سے شروع کر لے۔ پہلے تین مرتبہ سورۃ

اذا جاء نصر اللہ پڑھے، پھر 72 دفعہ اسم یا باسط تلاوت کرے بعد ازاں یا باسط الذی یبسط الرزق لمن یشاء بغیر حساب 72 دفعہ پڑھے۔ پھر 255 دفعہ مؤکل کا اسم یا جبرائیل پڑھے۔ پھر 72 دفعہ یا باسط اجب یا جبرائیل سامعاً مطیعاً بحق یا باسط پڑھے۔ پھر 72 دفعہ اسم یا باسط پڑھے۔ بعد ازاں 72 دفعہ یہ تلاوت کرے اجب یا ھوا کیل سامعاً مطیعاً بحق یا باسط پھر 72 بار اسم یا باسط اور تین دفعہ سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھا کرے۔ اسی طرح کم از کم 72 یوم تک کرلے یا زیادہ سے زیادہ تین چلہ تک کرنا ہوگا۔ عمل کے ساتھ نقوش بھی پہلے طریقے کی طرح لکھنے چاہئیں۔ یہ عمل بھی دست غیب کی خاصیت رکھتا ہے۔

طریق سوم

پہلے اسم الٰہی یا باسط کی زکوٰۃ سوا لاکھ ترک جلالی و جمالی کے ساتھ ادا کرے۔ پھر اسم یا باسط کو روزانہ بعد از نماز فجر 72 مرتبہ پڑھے 72 یوم تک مسلسل نقوش دو پائی حسب سابقہ تیار کرکے بہاتا رہے۔ ساتھ ہی اسم یا باسط کو ایک مثلث میں روزانہ ایک نقش پُر کرکے کچی اینٹ کے نیچے رکھتا رہے اور اس نقش پر 72 دفعہ مندرجہ ذیل پڑھ کر دم کرتا رہے، روزانہ 72 دن تک۔ عبارت یہ ہے:

یا باسط اجب یا اسمٰعیل سامعاً مطیعًا بحق یا باسط وسألك ان تقفی حاجاتی عامل ہوجائے گا۔ پھر نقش دو پائی کو حسب سابقہ ضرورت کے وقت استعمال کرے، ضرورت سے زیادہ کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔ اس سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ واضح رہے کہ یہ عملیات بہت ہی مجرب اور بے خطا ہیں۔ آج کل بے روزگاری کے دور میں عمل کیمیا سے بہتر ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔

نوٹ: ان عملیات کو شروع کرنے سے پہلے کسی بزرگ روحانی سے اجازت لینا بہت ضروری ہے۔

رزق و دولت کے لئے مجرب نقش

از تحریر: فیض محمد جسکانی، پنوعاقل سندھ

یہ نقش ترقی فتوحات اور تسخیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ تمام بندشیں اور نحوستیں بھی اس عمل سے ختم ہوجاتی ہیں۔ یہ عمل 21 دن تک 2248 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ 21 دن کے بعد صرف 174 مرتبہ ورد میں رکھیں اور یہ نقش بھی 21 مرتبہ اور 21 دن تک لکھ کر بہتے پانی میں بہادیں۔ آخر میں یہ نقش شرف شمس اور شمس کی ساعت اور اتوار کے دن لکھ کر بازو میں یا گلے میں باندھیں۔ عمل یہ پڑھنا ہوگا۔ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ واللّٰہ یَرْزُقُ مَن یشاء بغیر حساب" یاد رکھیں کہ نقش کے پہلے خانے میں جو اعداد 174 ہیں یہ اعداد یا حَیُّ یا قیُّوم کے ہیں اور ان دو اسموں کا ورد زیادہ کریں تو فائدہ زبردست ہوگا۔

چال نقش یہ ھے:-

٣	٨	١
٧		٥
٢	٤	٦

بحق یا حَیُّ یا قیُّوم یا حَیُّ یا قیُّوم

٥٢٢	١٣٧٨	١٧٤
١٢٠٤	یہاں مقصد اور مطلب لکھیں	٨٧٠
٣٤٨	٦٩٦	١٠٣٠

یا حَیُّ یا قیُّوم یا حَیُّ یا قیُّوم

کھیعص

حمعسق

آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دعائے خیر میں ضرور یاد کریں۔

نقش مخمس خالی القلب

یہ نقش حاضری مطلوب اور محبت کے لیے خاص ہے۔ مطلوب اس عمل کو کرنے کے فوراً بعد اور عرصہ کے مطابق حاضر ہوتا ہے۔ یہ عمل جائز مقصد کے لیے استعمال کریں، ورنہ نقصان دہ ہوگا۔

مثال 1: طالب سعید، مطلوب زینت اس کے درمیان اسماء مبارک یا **ودود یا جامع** رکھ کر تکسیر جفری کریں، جو یہ ہے:

س ع ی د و د و د ج ا م ع ز ی ن ت

ت س ن ع ی ی ز د ع و م د ا و د

د ت ج س و ن ا ع د ی م ی و ز ع د

د د ع ت ز ج و س ی و م ن ی ا د ع

ع د د ا ع ی ت ن ز م ج و و ی س

س ع ی د و د و د ج ا م ع ز ی ن ت

مثال 2: تکسیر سے خاص حروف نکالیں، پہلی سطر کا پہلا اور آخری حرف اور آخری سطر کا پہلا اور حرف لیں اور درمیان والی سطر (ایک ہو یا دو) سے دو دو حرف یا اک اک حرف نکلے گا جو یہ ہیں: س ت ع س ع د

خالص حروف: س ت ع د اور ان حروف کو عاشق معشوق میں تبدیل کر کے مؤکل تیار کریں۔ جو یہ ہے:

سعائیل۔ تشائیل۔ عسائیل۔ دجائیل

یہ مؤکل نقش کے اِرد گرد لکھ کر استعمال کریں۔

مثال 3: تکسیر سے دائیں اور بائیں سطر کا پہلا حرف نکلے گا۔

دائیں والے حروف یہ ہیں: س ت د د ع س

بائیں والے حروف یہ ہیں: ت د د ع س ت

امتزاج: س ت ت د د د د ع ع س س ت

اور ان حروف کو مرکب کریں: **ستدد۔ دددع۔ عسست**

اس کے بعد تکسیر جفری کی پہلی سطر اور درمیان والی سطریں اور آخری سطر نکال کر نیچے مرکب اور مطلب لکھ کر تین فتیلے تیار کریں اور زیتون یا چمبیلی کے تیل میں جلائیں۔ انشاء اللہ جائز مطلب اور مقصد ضرور پورا ہوگا۔

مثال 4: تکسیر جفری کی پہلی سطر کے اعداد یہ ہیں: 745

اس کا مؤکل یہ ہے: **زمھائیل**

اس کے تکسیر جفری کی سطریں 5 ہیں۔ 745 کو 5 سے ضرب کیا تو 3725 جواب آیا اور اس کا مؤکل یہ تیار ہوا۔ **جغذکھائیل۔**

یہ مؤکل خالی خانہ میں رکھا جائے گا، اس کے بعد 3725 کو 65 سے تقسیم کیا تو جواب آیا 57 اور باقی 20 ہے۔ اس باقی کو 15 نمبر خانہ میں، 17 نمبر خانہ میں، 19 نمبر خانہ میں، 24 نمبر خانہ میں اور 26 نمبر خانہ میں رکھ کر نقش مکمل کریں۔ یہ کوشش ضرور کریں کہ پہلے خانہ میں اعداد زوج ہوں۔ خالی قلب خانہ میں مطلب اس طرح لکھنا ہوگا۔ پہلے مؤکل جغذکھائیل پر لکیر دے کر الگ الگ حروف میں سعید ودود جامع اور زینت لکھا جائے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶				
۱۵۰۲	۶۸۴	۵۷	۵۷۰	۹۱۲
۱۷۱	۷۴۱	۱۱۰۳	۱۱۹۷	۵۱۳
۱۴۲۵	۷۹۸	مطلب اور مقصد اس میں لکھیں	۶۲۷	۸۷۵
۳۹۹	۱۳۸۸	۱۳۱۱	۳۴۲	۲۸۵
۲۲۸	۱۱۴	۱۲۵۴	۹۸۹	۱۱۴۰

چال نقش				
۲۶	۱۲	۱	۱۰	۱۶
۳	۱۳	۱۹	۲۱	۹
۲۵	۱۴		۱۱	۱۵
۷	۲۴	۲۳	۶	۵
۴	۲	۲۲	۱۷	۲۰

یہ نقش پانچ تیار کرنے ہوں گے۔ ایک بازو میں، دوسرا درخت میں، تیسرا پانی میں، چوتھا آگ میں، پانچواں وزن کے نیچے رکھ کر اس کے اوپر طالب بیٹھ جائے۔ انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔ اس نقش کو جمعہ کے دن اول ماہ زہرہ کی ساعت میں یا تثلیث زہرہ مشتری میں لکھا جائے۔ آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

روحانی عملیات

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ (صدر)

عمل نمبر1:۔ ہمزاد کا تجربہ شدہ عمل۔

عبارت عمل:۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ الْاَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَۃ اُحْضُرُوْ اُحْضُرُوْ یَا ھَمْزَاد بِحَقِّ سُلَیْمَانِ اِبْنِ دَاوٗد عَلَیْہِ السَّلَامْ وَ بِحُرمَتِ جِبْرَائِیلُ وَ مِیکَائِیلُ وَ اِسْرَافِیلُ وَعِزْرَائِیلُ عَلَیْہِ السَّلَامْ یَاقومِ ھَمْزَاد حَاضِرْ شُوْ

طریقہ عمل:۔ باوضو ہو کر علیحدہ جگہ انتخاب کریں جہاں کوئی آدمی یا عورت یا بچہ کم آتا جاتا ہو یا علیحدہ کرایہ پر مکان لے لیں اگر کوئی جگہ نہیں ملتی۔ رات کو جائے نماز پر بیٹھ کر پہلے پشت کے پیچھے چراغ جلائیں جس میں تیل صاف ہو ساتھ اگر بتی جلالیں نئی روئی کا فتیلہ بنا کر ڈالیں اگر روئی کسی ایسے کھیت سے حاصل کرلیں جہاں سے پہلے کسی نے روئی نہ توڑی ہو زیادہ بہتر ہے جلدی کامیابی ہوگی مجبوری میں بازار سے خرید کر فتیلہ بنا کر ڈالیں باوضو رات کو بارہ بجے یہ کام شروع کریں پہلے حصار کریں گیارہ بار درود ابراہیمی تین بار سورۃ اخلاص اور سات بار آیت الکرسی پڑھ کر چھری پر یا لوہے کے کیل پر دم کر کے اپنے گرد حصار کریں دائرہ اپنے قد سے بڑا لگائیں مثال کے طور پر اگر لیٹنا چاہیں یا سونا چاہیں تو دائرہ کی لکیر کافی دُور ہو پھر تین بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے جسم پر دم کر کے عبارت عمل گیارہ سو بار ورد کریں تصور حاضری ہمزاد اور سایہ کے ماتھے کا تصور اور گردن پر نگاہ رکھ کر پڑھائی کرنا ہے یہ تعداد مکمل کرنے کے بعد اپنی آنکھیں بند کر کے تصور حاضر ہمزاد ہے آدھا گھنٹے کریں اس کے بعد آنکھیں کھول کر گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا کریں پھر گیارہ بار درود شریف تین بار سورۃ اخلاص تین بار آیت الکرسی گیارہ بار درود شریف پڑھ کر حصار ختم کرنے کا تصور کر کے اگر باہر جانا چاہتے ہیں لکیر مٹا کر باہر نکل آئیں اپنا کام کر سکتے ہیں۔ سونا چاہیں سو جائیں ہر جائز کام کر سکتے ہیں اکیس دن کے بعد زبردست خطرناک خواب باتیں اور واقعات دیکھنے میں سننے میں آنے شروع ہوں گے گھبرانے کی کوئی بات نہیں دن رات اپنے مقصد کا تصور کرتے رہیں چلتے پھرتے کام کاج کرتے درود شریف کا ورد جاری رکھیں دماغی پریشانی سے دور رہیں گے چالیس دن میں سامنے آپ کے ہمزاد آ جائے گا اپنا مقصد کہہ دیں حاضر ہمیشہ رکھنا چاہتے ہیں تو دوبارہ حاضری کا پوچھ لیں اگر کوئی کام ہے تو کہہ دیں یہ کام کر دیں آپ آزاد ہیں۔

عمل نمبر2 عبارت عمل:۔ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ رَبِّ جِبْرَائِیل عَلَیْہِ السَّلَامْ وَ مِیکَائِیل عَلَیْہِ السَّلَامْ وَ اِسْرَافِیل عَلَیْہِ السَّلَامْ وَ تَنْکَافِیل عَلَیْہِ السَّلَامْ یَا اِلٰھِی ھَمْزَادُ رَجُوعْ شَوْ وَ بِحُرمَتِ بُدُّوحْ ھَمْزَادُ حَاضِرْ شَوْ حَاضِرْ شَوْ اَلسَّاعَتْ اَلسَّاعَتْ اَلسَّاعَتْ

طریقہ عمل:۔ روزانہ نہا دھو کر وضو کر کے جانماز پر عشاء کی نماز کے بعد بیٹھیں منہ مشرق کی طرف ہو پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر گیارہ بار آیت الکرسی پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اپنے گرد لوہے کی چھری یا کیل پر دم کر کے اپنے چاروں طرف کھلی لکیر لگائیں اس کے بعد تین بار درود شریف تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں پھر بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر اکیس بار درود شریف پڑھیں اوپر کی عبارت عمل دو ہزار بار ورد کریں سایہ پر نظر جما کر چراغ جلا کر جو حصار کیا ہے اس کے اندر رکھنا ہے یاد رکھیں مثلاً اگر چراغ بجھ جائے تو دوبارہ جلالیں باہر رکھیں گے تو آپ کو حصار کھول کر جلانا پڑے گا تعداد پوری کرنے کے بعد آنکھیں بند کرلیں پندرہ منٹ یا آدھا گھنٹہ تصور کریں میرا ہم شکل میرے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہے جلد میرے سے کلام کرے گا پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اپنے مطلب کی

دُعا کریں پھر درود شریف گیارہ بار پڑھیں حصار کھولنے کی نیت سے دس بار سورۃ اخلاص پڑھ کر لکیر مٹا کر باہر آجائیں ہر قسم کا کام کر سکتے ہیں اگر وہیں سو جائیں تو زیادہ بہتر ہے اس عمل کو کرنے سے پہلے اپنی طبیعت معلوم کر لیں یعنی آپ کا مزاج آتشی ہے بادی یا آبی یا خاکی ہے اپنے اُستاد صاحب یا پیر صاحب جس کے زیر سایہ عمل کریں گے پوچھ لیں اگر خود معلوم کرنا چاہیں تو اپنے نام کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کر دیں جو عدد نیچے بچے شمار کر کے معلوم کر لیں مثلاً میں اپنا مزاج معلوم کرنا چاہتا ہوں میرا نام ظفر محمد ہے اس طرح عدد بنے (ظ کا 900، ف کا 80، ر کا 200، م کا 40، ح کا 8، م کا 40، د کا 4) ان کو جمع کیا 1272 کو چار پر تقسیم کیا نیچے صفر بچا۔ میرا مزاج خاکی ہوا۔ اب مجھے زمین پر بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے عمل کرنا ہوا اگر تقسیم میں نیچے ایک بچے تو مزاج آتشی اگر نیچے دو بچے تو بادی اگر تین بچے تو آبی اگر صفر بچے تو خاکی ہوگا جس کا مزاج آبی ہو اس کو دریا یا نہر کے قریب عمل کرنا ہوگا اگر یہ چیزیں دور ہوں تو اپنے سامنے ٹپ بھر کر رکھیں اس پر نگاہ کریں اس میں اپنا چہرہ نظر آئے گا اس پر نگاہ کر کے پڑھیں اندھیرے کی شکل میں چراغ روشن کر سکتے ہیں بادی مزاج والے کو درخت کے پاس ہوادار جگہ پر عمل کرنا چاہئے پیچھے چراغ جلا سکتے ہیں کیونکہ باد اور آتش میں دوستی ہے عمل سے پہلے صدقہ دیں حسب توفیق کوئی چیز پکا کر ختم شریف پڑھائیں یا خود گیارہ بار درود شریف گیارہ بار قل شریف گیارہ بار سورۃ فاتحہ ایک سو درود شریف پڑھ کر حضور پاک ﷺ تمام بزرگوں مومنین مومنات مسلمین مسلمات اور جو اس وقت تک فوت ہو چکے ہیں ان کی ارواح مبارک کو ہدیۃً تحفۃً ثواب پہنچا کر جو کھانا پکایا گیا تقسیم کر دیں خود بھی کھا سکتے ہیں یہ عمل چالیس رات کرنا ہے حاضری ہونے پر دریافت کر لیں دوبارہ آپ کو بلانے کے لئے کیا طریقہ کرنا ہے۔ اور قسم بھی لے لیں سچی بات بتائیں میرے جان مال کو نقصان نہیں دینا بہتر یہی ہے اپنا مطلب پورا کر کے آزاد کر دیں کیونکہ عامل کے فوت ہونے کے بعد یہ چیزیں تنگ کرتی ہیں ان کے خاندان اولاد کو پریشانیوں میں مبتلا کر دیتی ہیں اپنا انتقام عامل کی اولاد رشتہ داروں سے لیتی ہیں اس لئے میرا مشورہ تو یہی ہے آگے آپ کی مرضی ہے حروف ابجد اس طرح ہیں۔ (الف کا عدد 1، ب کا 2، ج کا 3، د کا 4، ھ کا 5، و کا 6، ز کا 7، ح کا 8، ط کا 9، ی کا 10، ک کا 20، ل کا 30، م کا چالیس، ن کا 50، س کا 60، ع کا 70، ف کا 80، ص کا 90، ق کا 100، ر 200، ش کا 300، ت کا 400، ث کا 500، خ کا 600، ذ کا 700، ض کا 800، ظ کا 900، غ کا 1000)

عمل نمبر 3 عبارت عمل:۔ یَاھَمزَادُ حَاضِرٌ شُوْ حَاضِرٌ شُوْ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ دَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَامِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ

تعداد پڑھائی:۔ 2800 بار

ترکیب عمل:۔ اس عمل مبارک کو رات تہجد کی نماز بارہ رکعت دو دو کر کے پڑھ کر یہ عمل شروع کریں جگہ پاک علیحدہ جگہ اپنے پیچھے چراغ جلا کر اپنا حصار اور اپنے جگہ کا دائرہ لگا کر بیٹھیں چاروں قل شریف ایک ایک بار آیت الکرسی پانچ بار درود شریف ایک سو بار پڑھ کر حصار کریں اس کے بعد اپنے سایہ پر نظر کر کے یہ پڑھائی شروع کریں تعداد پڑھائی پوری کرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر دُعا کریں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیر لیں یہ ترکیب روز استعمال رہے وہیں سو جائیں جو واقعات نظر آئیں اپنے دل میں رکھیں گر باہر جانا ہو تو درود شریف گیارہ بار پڑھ کر لکیر مٹا کر باہر آجائیں اپنا کام کاج کر سکتے ہیں اکیس رات یہ عمل جاری رکھیں انیس رات سے سخت واقعات سے واسطہ ہوگا ثابت قدم رہیں اکیس رات آپ کی محنت رنگ لائے گی باپرہیز عمل رکھیں فارغ وقت میں درود شریف کلمہ شریف کا ورد کرتے رہیں اگر اعتکاف کر لیں تو زیادہ بہتر کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے کچھ کھونا پڑتا ہے جہاں گل وہاں خار۔ یہ فقرہ مشہور ہے بزرگوں نے حاصل کرنے کے لئے وطن چھوڑے دُنیا چھوڑی جنگل میں ڈیرہ لگا کر عبادت کی کئی سال تک دوسروں پر اعتراض کرنے والے اپنے آپ کو دیکھیں۔

عمل نمبر 4:۔ جو ہمزاد حاضر ہو کر بات نہ کرتا ہو اس سے بات کرنے کا مجرب عمل مبارک جو پہلی بار ظاہر کیا گیا۔

عبارت عمل:۔ تُکَلِّمُ یَا ھَمزَادُ بِحَقِّ یَا لَطِیْفُ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِن دَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

ترکیب عمل:۔ کافی لوگ اس وجہ سے عمل میں ناکام ہوئے کہ حاضری ہوئی لیکن انہوں نے بات نہیں کی نہ کسی نے اس بارے کسی سے سوال کیا

اگر آپ عمل کر رہے ہیں چلہ پورا ہونے پر مخلوق حاضر ہو کر بات نہ کرتی ہو تو عمل چھوڑیں نہ۔ اپنے عمل کی تعداد پوری کرنے کے بعد تین سو تیرہ بار یہ عمل پڑھتے رہیں وہ خود بولے گا کیوں بیٹھے ہو کیا پڑھ رہے ہو کس لئے پڑھ رہے ہو آپ اپنا مقصد بتا دیں اوّل تو پہلے ہفتہ میں بات شروع ہو جائے گی ورنہ اکیس دن لازمی بے تاب ہو کر بات کرے گا۔

ھدایات عمل:۔ (1) بُرے لوگوں کی صحبت سے پرہیز کریں۔ (2) عورتوں سے علیحدہ رہیں غذا کم کھائیں۔ (3) پیاز لہسن سرخ مرچ تیز مصالحہ بالکل نہ کھائیں ہمیشہ غسل کرتے رہیں۔ (4) عمل کرتے وقت دُنیا سے بے نیاز رہیں رنج غم میں مبتلا نہ ہوں۔ (5) رات کو کم سوئیں چوبیس گھنٹے میں چار گھنٹے سوئیں۔ (6) یا ہمزاد بائیں طرف منہ کر کے پڑھیں پھر یا ہمزاد دل پر ضرب لگائیں آدھا گھنٹے یہ ذکر لازمی کرتے رہیں۔ جب ٹائم ملے کھانے سے پہلے بھی پڑھ سکتے ہیں لیکن علیحدہ جب آپ بیٹھے ہیں پڑھیں دیکھیں گے ہمزاد قابو نہیں آتا چلتے پھرتے جہاں جگہ صاف ہو پاس کوئی نہ ہو پھر بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔

عمل نمبر 5 عبارت عمل:۔ یَا هَمْزَادُ مُسَخرَاتِ بِحَقِّ یَا لَطِيْفُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا بُدُّوحُ

ترکیب عمل:۔ نوچندی منگل یا اتوار کو رات کو سونے سے پہلے علیحدہ جگہ غسل کر کے وضو کر کے احرام سفید باندھ کر اپنے پیچھے چراغ میں دیسی گھی ڈالیں روئی کی بتی ڈالیں اپنے چاروں طرف کڑا لگائیں پھر چراغ جلائیں اس کی روشنی میں یہ عمل اپنے سایہ پر نگاہ رکھ کر گیارہ بار درود شریف اور تین سو بار یہ عمل گردن پر ٹکٹی باندھ کر پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دُعا مانگ کر کڑا کھول کر باہر آئیں منہ عمل کرتے وقت قبلہ کی طرف ہو صدقہ دیکر عمل شروع کریں صدقے کے بعد پیچھے مڑ کر اس وقت تک نہ دیکھیں جب تک وضو نہ کر لیں یہ عمل رات بارہ بجے شروع کرنا ہے۔

عمل نمبر 6 عبارت عمل:۔ آیت سورۃ البقرہ 186 وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۝

طریقہ عمل:۔ روزانہ نہا دھو کر عشاء کی نماز کے بعد علیحدہ جگہ چراغ پشت کے پیچھے جلا کر آیت مبارکہ کو ایک ہزار بار سایہ پر نظر کر کے علیحدہ جگہ پڑھیں آیت الکرسی سات بار اوّل آخر ایک ایک بار درود شریف پڑھ کر حصار کریں تاکہ دل کو تسلی رہے اکیس رات میں حاضری ہو گی ٹائم ایک رکھیں جمالی عملی ہے کسی قسم کا خطرہ نہیں پھر بھی اپنی احتیاط لازمی رکھیں حصار کے اندر سو جانا زیادہ بہتر ہے۔

عمل نمبر 7 عبارت عمل:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَلِيْقاً مَلِيْقاً خَالِقاً مَخْلُوقاً كَافِياً شَافِياً اِرْتَطى مُرتطى بِحَقِّ يَا بُدُّوحُ بِحَقِّ اساً تَاساً وَلُوساً رَدِّ كُلِّ رِجْعَةٍ وَ رَدِّ كُلِّ بَلِيَّاتٍ وَ رَدِّ كُلِّ رِجَالِ الْغَيْبِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

طریقہ استعمال:۔ پلیٹ اسٹیل، چینی پلیٹ میں کالے مارکر سے یا سبز مارکر سے لکھ لیں یہ سات پلیٹ پر لکھیں ساعت قمر میں یا ساعت عطارد میں خوشبو لگا کر اگربتی جلائیں، دھونی جلائیں ستارہ کی، باوضو لکھیں منہ قبلہ کی طرف ہو، ایک پلیٹ صبح نہار منہ عرق گلاب میں ملا کر پئیں ایک شام کو عرق ڈال کر پیتے رہیں۔ اس طرح صبح شام وضو کر کے مریض کو پلایا کریں ایک گھنٹہ کچھ نہیں کھانا ہر وقت بھی پی سکتے ہیں چہرے پر دماغ پر بھی ہاتھ گیلا پھیر دیا کریں سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر سرہانے پر رکھ لیں یا سرہانے میں رکھ دیا بازو پر بھی باندھ سکتے ہیں۔ اگر اس کلام کو عمل میں لانا ہو تو تاکہ دوسروں کا بھی علاج کر سکیں تو اکیس دن نماز فجر پڑھ کر جہاں سلام پھیریں وہیں بیٹھے رہیں اپنے روزانہ کے وظیفے پڑھنے کے بعد دُعا مانگیں فارغ ہونے کے بعد گیارہ بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰه پڑھیں اکیس بار درود شریف نماز والا پڑھیں پھر ایک سو ایک بار یہ ورد پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر دُعا قبولیت مانگیں یہ عمل قبول ہو پھر سر اُٹھا کر ہاتھ دُعا والے منہ پر پھیر لیں اُٹھ کر اپنے کام کریں یہ طریقہ روزانہ اس طرح کرنا ہے سات دن بعد صدقہ دیتے رہیں بچوں میں شرینی دُعا کر کے بانٹتے رہیں شرینی کا ثواب کلام کے مؤکلات تمام بزرگوں کو پہنچا کر تقسیم کرنا ہو گا آخری دن زیادہ انتظام کرنا ہو گا پھر تین بار صبح شام ورد رکھیں بلیات اور دُشمنوں سے حفاظت رہے گی جو دُشمنی کرے گا نقصان اُٹھائے گا آپ نے کسی کے بارے میں بُرائی نہیں دل میں لائی پھر ضرورت کے مطابق سائل کو ایک تعویذ پہننے کے لئے دیں جو بھی تکلیف ہو گی دور ہو گی اس کو بتا دیں چھوٹی بوتل میں پانی ڈال کر جیب میں رکھ لے جب پیاس لگے یہاں سے پیئے پانی تازہ ڈال لیا کرے چھٹانک آدھ پاؤ کی بوتل کافی رہے گی ایک جیب میں رکھنے کے لئے دیں۔

طلسمات بخت کشادگی
بندش نکاح

از تحریر: احمد کیانی، لاہور

پروردگار عالم بہ صدقے معصومین علیہ السلام تمام مسلمانانِ عالم کو جہاں جہاں وہ بستے ہیں، بسلسلہ روزگار آباد ہیں، اپنے حفظ وامان میں رکھے، ظالموں کے شر سے اپنی پناہ میں رکھے۔ اس پُرآشوب دور میں ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ میں پریشان نظر آتا ہے۔ تقریباً ہر گھرانے کے مسائل میں ایک نہایت ہی پیچیدہ مسئلہ نوجوان بچے و بچیوں کی شادی کا ہے۔ قارئین کرام طویل روحانی مشاہدات اور تجربات کے بعد لڑکے لڑکیوں کی شادی میں رکاوٹ کی چند بنیادی وجوہات معلوم کی ہیں۔ بعض دفعہ دیکھنے میں آتا ہے کہ لڑکیاں بڑی خوبصورت اور سلیقہ مند ہوتی ہیں، مگر پھر بھی انہیں کوئی نکاح میں لانے کا قصد نہیں کرتا۔ کبھی بھولے سے رشتہ کا پیغام آتا ہے تو کسی نہ کسی وجہ سے وہیں پر بات ختم ہوجاتی ہے۔ متعدد جگہ نسبت و منگنی ہوکر ٹوٹ جاتی ہے، کبھی ایسی صورت پیدا ہوتی ہے تو بڑی پریشانی کا باعث بنتی ہے۔ یاد رہے کہ یہ بھی سحر وجادو یا بندش شدید ترین کی صورت ہوتی ہے، جن بچے و بچیوں کی شادی میں رکاوٹ بندش ہو یا سحر وجادو سے، بخت باندھا گیا ہو، متعدد کی بندش زائچہ پیدائش میں عدد 8 کا اثر یا زحل کا اثرات، ان سب کے لیے یہ عمل تیر بہدف جس کے اثر انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی یوم میں ہر قسم کی بندش دور ہوجائے گی اور جلد از جلد شادی کے اسباب پیدا ہوں گے اور اچھے جگہ سے رشتوں کے اسباب پیدا ہوں گے۔

(1) سب سے پہلے یہ نقش زعفران و عرقِ گلاب سے لکھیے اور کسی بوتل میں پانی بھر کے اس نقش کو ڈال دیں اور صبح نمازِ فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پورے گھر میں چھینٹے مارے اور غسل کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ اللہ ربی لا الہ بہ شیئا

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن
ح ح	محمد	ح ح	ح ح	ی س	ی س
آم	بلدہ	علی	علی	علی	علی
لاالہ	الااللہ	محمد	رسول اللہ	علیاولی	اللہ
آم	علی	بلدہ	لد	یارحمٰن	اللہ

حمعسق — کھیعص

واللہ غالب علےٰ امرہ یا خلص یا مخلص یا خلاص یا خلاص یا خلاص یا ابن یا عباس یا مہتر عیسےٰ یا خضر الیاس یا خلاص یا خلاص یا خلاص بحق الشمسہ میل علےٰ محمد و آلِ محمد بحق کھیعص حمعسق الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا العجل العجل العجل یا فتاح یا فتاح یا فتاح لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علیاً ولی اللہ بحق اللہ الا الا الا الا لہ لہ لہ ھبا ھیہ بلا ھبہ امین لا لا لا

(2) اگر دختر کے لیے رشتہ ملنے کی کوئی امید نہ رہی ہو تو یہ عبارتِ طلسم سبز دوپٹے کے کونے پر لکھ کر سوتے وقت سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو بہت ہی جلد شوہر کے اسباب پیدا ہوں گے اور غیب سے شادی ہو جائے گی اور ایسی جگہ سے رشتہ آئے گا جو کسی کی سوچ میں بھی نہ ہوں گے اور شادی ہو جائے گی۔

اس طلسم کو جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں لکھیں۔ طلسم یہ ہے:

ک ۸ ۸ ۹ ۱ ۱ ۱ ۸ اول ۲ ۲ ۲ ۹ م م م م

۱ ۱ ک ۸ ۱ ۱ ۸ ۸ ۷ و ہ د ۱ ۸ ۸

ک ۱ ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ ۹ ۱ ی ۱ الا

۱۹۶ اط الا ۲۹۲ ۱۱۱۹ م م ط الا ۱۹۱۱ ۸ ع ع ع ۱۹۱۱۱۱۱

العجل العجل الساعۃ الساعۃ الرجا الرجا الرجا

۹۲۵ م م ۹ ی ۱۱۸۸۱۱ ۷ وا ۷ وا ۷ ط الا ۱۱۸۸۱۱ ۷ ع اس اوالدا

سبز رنگ سے لکھنا ہے یا سبز قلم سے لکھیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنوں میں آپ کو اس کا رزلٹ نظر آئے گا۔

(3) اگر کسی کے مقدر بند ہوں تو اس طلسم کو لکھ کر شمال مغرب کی طرف دیوار پر لٹکائیے اور ہر روز اس پر نگاہ رکھیے اور تصور رکھیے جیسا رشتہ درکار یا خواہش ہو۔

۱۱ ۸ ۲ ۵ ح ۹ ۱۱۱۱ ۹ ۹ ۹ ۹ ۹ ۰ ۹ ۹ ء ا ع ط ع

ص ع ط ق ک العجل العجل العجل

آخر میں یہ دعا ہے کہ مولا پاک محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھیے اور سب نیک مقصد کو پورا فرمائیں۔ میری التجا ہے کہ جو بھی اس عمل سے فائدہ پہنچے، وہ مجھ فقیر اور شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعا فرمائیں، جن کی کاوش سے مجھ فقیر کو بھی اپنی کاوش آپ تک پہنچانے کا موقع ملا۔

ازتحریر: توقیر عباس جعفری، خوشاب

تکسیر روحانی برائے وسعت رزق

محترم قارئین آئینہ قسمت! اسلام علیکم۔ مزاجِ گرامی بخیر! وسعت رزق کے لیے نایاب عمل حاضر خدمت ہے۔ خود محنت کر کے اپنی بندش کو کھولیں۔ عمل نہایت سادہ اور پُر تاثیر ہے، ترتیب سمجھ لیں۔ انشاء اللہ ہر بہن بھائی اس عمل کو کر کے کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

محترمی و سید انتظار حسین زنجانی مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جن کی وجہ سے ایسے نایاب موتی عامۃ الناس تک پہنچ رہے ہیں۔

جدول تکسیر سطورِ جفری

تعداد حروف	3	4	5	6	7	8	9	10
سطور	۳	۴	۵	۶	۶	۴	۱۰	۱۶
تعداد حروف	11	12	13	14	15	16	17	18
سطور	۱۱	۱۲	۹	۱۴	۱۵	۵	۱۲	۱۸
تعداد حروف	19	20	21	22	23	24	25	26
سطور	۱۲	۱۰	۷	۱۲	۲۳	۲۴	۸	۲۶
تعداد حروف	27	28	29	30	31	32	33	34
سطور	۲۰	۹	۲۴	۱۶	۶	۷	۳۳	۲۲

ترکیب استعمال حقیقی

سطورِ مقصد: الٰہی کشودہ بندش کاروبار بحق یارزاق

سائل: توقیر عباس

بسطِ حرفی: ال ھ ی ک ش و د ہ ب ن د ش ک ا ر و ب ا ر ب ح ق ر ز ا ق ت و ق ی ر ع ب ا س

تعداد حرف: 32 سطورِ عمل: 7

نوٹ: الٰہی پڑھا جائے گا لکھا نہیں جائے گا۔

حروف کے اعداد بذریعہ ابجد قمری جس کا نقش بنے گا۔ 2388

کل تعداد حروف × سطور: 16716 = 7 × 2388

نقش مقصد: چونکہ کل اعداد جفت ہیں، لہٰذا نقش مربع بنے گا۔

16716 - 30 = 16686 ÷ 4 = 1471 باقی 2 کسر ہے۔

جو کہ خانہ نمبر 9 میں 1 کے اضافے سے مکمل پُر ہو گا۔

مثالی نقش: یہ نقش تکسیر جفری کی پشت پر تحریر کیا جائے گا۔

۴۱۷۸	۴۱۸۲	۴۱۸۵	۴۱۷۱
۴۱۸۴	۴۱۷۲	۴۱۷۷	۴۱۸۳
۴۱۷۳	۴۱۸۷	۴۱۸۰	۴۱۷۶
۴۱۸۱	۴۱۷۵	۴۱۷۴	۴۱۸۶

ترکیبِ استعمال: توقیر عباس نوچندی جمعرات سے باوضو نیاز دلا کر تکسیر جفری 32 x 7 کی جدول میں عمل تکسیر جفری لکھے گا اور اس کی پشت پر یہ نقش تحریر کرے گا۔

2388 مرتبہ یا رزاقُ ورد کر کے اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرائے گا اور آٹے کے پیڑے میں بند کر کے آبِ رواں میں ڈال دے گا۔ یہ عمل 32 روز جاری رہے گا۔ 33 روز مکمل نقش و تکسیر جفری سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر یا رزاقُ دم کر کے گلے میں پہن لے گا اور روزانہ نام کے اعداد کے مطابق ورد کرتا رہے گا۔ انشاء اللہ بندش کھل جائے گی، رزق میں وسعت عطا ہو گی۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو قبلہ شاہ زنجانی یا مجھ حقیر سے رابطہ کریں۔ خدا آپ کو کامیاب کرے آمین

از تحریر: عامل سعید رضا، بھکر

غیبی امداد بذریعہ مؤکلات

قارئین کرام! علم جفر کے وسیع و عریض سمندر سے ایک گوہر نایاب پیش کر رہا ہوں۔ یہ ایک مخفی عمل ہے جسے عامل حضرات اپنے سینوں میں مخفی رکھتے ہیں اور کسی قیمت پر ظاہر نہیں کرتے۔ دراصل علم جفر ایک سمندر کی مانند ہے۔ عامل اس کا ناخدا ہے جو تقویٰ، اعتقاد اور یقین کی کشتی میں بیٹھ کر ہی اسے پار کر سکتا ہے۔ جب تک عامل کو اس علم کے پورے قواعد و ضوابط سے واقفیت نہیں ہو گی تو وہ کامیابی کے تمام مراحل طے نہیں کر سکے گا۔ اس لئے اس عمل کو پوری وضاحت کے ساتھ پیش کرتا ہوں تاکہ ہر خاص و عام اس سے مستفید ہو سکے۔

یہ ایک نہایت ہی زود اثر جفری عمل ہے جس کے اثر سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اس عمل کو کسی بھی کام کے لئے استعمال کریں تو سو فیصد درست نتائج حاصل ہوں گے۔ مقصد کوئی بھی ہو مثلاً حُب، عداوت، ترقی کاروبار، کشائش رزق، شفائے کاملہ، فتح و کامیابی، پسند کی شادی، تسخیر مطلوب، حل المشکلات، ادائیگی قرض، حاضری مطلوب وغیرہ سب کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

پرہیز: عمل کے دوران جھوٹ، حسد سے بچیں اور کوئی ایسی چیز کھانے میں استعمال نہ کریں جس سے بُو آئے اور گوشت، دودھ، دہی، گھی دیسی، انڈہ وغیرہ سے پرہیز کریں باقی ہر چیز استعمال کر سکتے ہیں۔

تیاری عمل: عمل تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مطلوب کے نام کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں اور اُس میں اکتالیس کم کریں۔ باقی کے ہندسے بنا کر اُن کے آگے "ائیل" کا اضافہ کر دیں تو یہ مؤکلات حاصل ہوں گے۔ اب مطلوب کے نام کے اعداد معہ والدہ کے نام کے اعداد حاصل کریں اور اُن کو بارہ پر تقسیم کریں باقی بچنے والے عدد سے نیچے دی گئی جدول سے ساعت، دن اور برج معلوم کریں۔ اب جو ساعت اور دن حاصل ہو اُس نوچندی رات کی مطلوبہ ساعت کو عمل شروع کریں۔ ان دنوں قمر در عقرب نہیں ہونا چاہئے ہاں اگر عداوت کے لئے استعمال کر رہے ہوں تو کوئی بات نہیں۔ عداوت کا عمل پندرہ تاریخ کے بعد شروع کرنا ہو گا اگر حب کیلئے مطلوب کی ساعت زحل یا مریخ نکلے تو ان کی بجائے ساعت زہرہ میں عمل کرے۔ اب ایسا اسمِ الٰہی تلاش کریں جس کے اعداد مطلوب کے نام کے اعداد کے برابر ہوں۔ اگر ایک دو نہ مل سکیں تو تین یا چار کا مجموعہ کر لیں اور یہ مطلوب کے نام کے اعداد کے برابر ہوں۔

اب طالب کے نام کے اعداد سے مؤکل اور اسم کا استخراج کریں۔ باقی چیزیں معلوم کرنے کی ضرورت نہیں۔ اگر عمل عداوت کے لئے کرنا ہے تو حروف کو اُلٹا کر مؤکل بنائیں۔

مؤکلات کو اعراب دینے کا طریقہ:

پیش والے حروف:	ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ
زبر والے حروف:	ب، و، ی، ن، ص، ت، ض
زیر والے حروف:	ز، ک، س، ق، ث، ظ
جزم والے حروف:	د، ح، ل، ع، ر، خ، غ۔

اگر جزم والا کوئی حرف شروع میں آجائے تو اُس کو زیر دیں۔

اب عزیمت اس طرح تیار کریں:

عزمت علیکم نام مؤکل مطلوب و طالب بحق اسم الھی طالب و مطلوب مختصر مقصد العجل الساعۃ الوحا

اگر مطلوب کو حاصر کرنا ہے تو یہ عزیمت ہو گی۔

احضر و نام مطلوب معہ والدہ نام مؤکل مطلوب بحق اسم الھی مطلوب

اب مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق (یا جو مقصد ہو اُس کے اعداد کے مطابق) ایک لوح تیار کریں۔ یہ مربع نقش آتش کی بنائیں۔ اس کے چاروں طرف مطلوب کا مؤکل اور اسمِ الٰہی اور قولہ الحق و لہ الملک لکھیں۔ نقش کے چاروں

کونوں پر شمکائیل، شقفیائیل، لوبیائیل اور فقطلشائیل لکھیں۔

اب مطلوبہ وقت میں یہ عزیمت مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں اور لوح پر دم کریں اور ہر وقت اسے اپنے پاس رکھیں اور عمل پڑھنے کے بعد لوح پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ اگر درست طریقے سے کیا گیا تو 11 سے 12 دن کے اندر اندر مقصد حاصل ہوگا۔ ناجائز استعمال نہ کریں۔

لوح تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مطلوب کے نام کے اعداد سے 30 کم کریں اور باقی کو 4 پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو خانہ نمبر 13 میں 2 بچے تو خانہ نمبر 9 میں اگر 3 بچے تو خانہ نمبر 5 میں ایک کا اضافہ کریں۔ اب حاصل قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر نقش پر کریں اور مؤکلات واسم وغیرہ کا نام چاروں طرف ضرور لکھیں۔ نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶			
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مثال: فرضی نام طالب حبیب اللہ بنت رضیہ، فرضی نام مطلوب صادقہ بنت زینت، مقصد شادی ہو۔ مطلوب کے نام کے فرضی اعداد 200 مؤکل بنانے کے لئے 41 کم کئے تو 159 رہے۔ اسکے حروف بنائے تو یہ بنے ط ن ق اور انکے آگے "ائیل" کا اضافہ کیا اور ان پر اعراب لگائے تو طَنَقائیل بنا۔ مطلوب کے اعداد معہ والدہ کے فرضی اعداد 269 ہیں۔ ان کو بارہ پر تقسیم کیا تو 5 باقی بچا جدول میں دیکھا برج اسد، ساعت شمس اور اگر عمل رات کو پڑھنا ہو تو ساعت عطارد میں پڑھیں۔ مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق اسمِ الٰہی یَاسمیع، یَاودود ملے۔ طالب کے نام (بغیر والدہ) کے فرضی اعداد 88 ہیں انکے مطابق اسمِ الٰہی یَاحلیم ملا اور مؤکل زِمَائیل بنا۔

اب یہ عزیمت بنی۔

عزمت علیکم یا طنقائیل یا زمائیل بحق یا سمیع یا ودود یا حلیم یا الٰھی صادقہ بنت زینب کی شادی حبیب اللہ بنت رضیہ سے والعجل الساعۃ الوحا۔

اب اس عزیمت کو پڑھنے کی تعداد 200 ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شمکائیل — شقفیائیل — لوبیائیل — فقطلشائیل

یاطنقائیل یاسمیع یاودود

قولہ الحق

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۷	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

یاطنقائیل یاسمیع یاودود

لوح بنائی جو کہ یہ بنی۔

اوّل رات اس عمل کو مطلوبہ ساعت میں پڑھنا لازمی ہے۔ اس کے بعد اُسی وقت پڑھ لیا کریں ساعت کی کوئی قید نہیں چاہے وہ کوئی بھی ہو لیکن وقت میں کمی بیشی ہونے سے یا جگہ بدلنے سے عمل کا اثر جاتا رہے گا۔ دل میں مطلوبہ کام کا تصور پختہ رکھیں۔

شرائط:

1۔ اگر مقصد ناجائز ہو تو یہ عمل ہرگز ہرگز نہ کریں۔
2۔ عمل وقتِ مقررہ پر پڑھیں اور درمیان میں نہ بولیں۔
3۔ رات کے وقت پڑھیں تو بہتر ہے اور روزانہ رجال الغیب کی طرف پشت کر کے بیٹھا کریں۔
4۔ اگر حصار بھی کر لیا جائے تو اچھا ہے اس سے رجعت ہونے کا خطرہ نہیں رہتا۔
5۔ عمل درست طریقہ سے تیار کریں اور تمام لوازمات کا خیال رکھیں۔ اگر درست طریقہ سے کیا گیا تو انشاء اللہ ناکامی کی کوئی صورت نہیں ہوسکتی۔
6۔ عمل کی کامیابی پر حسب توفیق شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ تمام باتوں کی مکمل طور پر وضاحت کردی ہے۔

طریقہ برائے دریافت حال

از تحریر: حقداد بھلکانی، کنڈہ کوٹ کشمور (سندھ)

واضع رہے کہ علم الغیب دراصل ربّ العالمین ہی جانتا ہے کیونکہ وہ عَالِمُ الغَیبِ وَ شَھَادَۃُ الْعَزِیزُ الْحَکِیْمُ ہیں۔مگر پھر بھی اس ربّ کریم نے اپنے عالمین و کاملین کو اپنے بندوں کو اپنے بندوں کے مسائل کے حل کے لئے وہ راستہ سکھایا جس سے ان کے علم وعمل کے بدولت پتا چل جاتا ہے کہ اصل حقیقت اور اس کا حل کیا ہے؟ ویسے بھی کہا جاتا ہے کہ دریافت حال کسی بھی مسئلے کا آدھا حل ہے۔ یاد رہے کہ دریافتِ حال بہر حال علم جفر کے زائچہ جات، جنات، یا میسٹری، کیافہ شناسی وفالنامات سے بھی حاصل ہوتا ہے مگر عامل ہذا کے تجربے میں جو طریقہ ہے وہ علم الاعداد سے لیا ہوا ہے جو کبھی غلط نہیں کرتا اور وہ ہر صورت میں باقاعدہ سچا، ٹھیک و تیر بہدف نکلتا ہے۔

اصل میں علم الاعداد کے اعداد (1-9) ایک سے نو تک ہوتے ہیں جن سے یہ کام انتہائی باضابطہ طور پر چلتا ہے۔ مثال کے طور پر ''الف'' نامی کوئی بندہ بروز ہفتہ بٹائم دو بجے شام کو کراچی سے آکر ''عامل'' سے یہ سوال کرتا ہے کہ وہ ''ج'' نامی کراچی کے ایک بندے کو دل سے چاہتا ہے تو کیا وہ اسے پانے میں کامیاب ہوگا کہ نہیں یاد رہے کہ عامل کو اس سوال کے صحیح جواب ڈھونڈنے سے پہلے ذیل میں بیان کئے تین چیزیں خیال میں رکھ کر پتا چلانا ہے اور مذکورہ سوال کے دو صورتیں ہوں گی اور دیگر سوالات بھی اس طریقے سے ہی حل ہوں گے۔

(I) سائل کا نام بمعہ والدہ وجگہ + سوال یعنی کہ محبت + اعداد طالع وق و دن (II) نام محبوب بمعہ والدہ وجگہ + سوال کا متن یعنی کہ عداوت + اعداد طالع وقت و دن۔ فرض کریں کہ اعداد ''الف'' 2833 نکلتے ہیں جبکہ اعداد ''جیم''، یعنی کہ مطلوب 2772 نکلتے ہیں تو نتیجہ یوں نکلے گا۔

الف:۔ 2831 =2+8+3+1 =4+1 =5

جیم:۔ 2772 =2+7+7+2 =8+1 =9

یعنی کہ **جیم۔الف** سے بھاری ہے مطلب کہ **الف۔جیم** کو اس حالت میں حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوگا اور جواب اگر پازیٹو میں آتا تو بذریعہ تعویزات اس کا کام جلدی ہو جاتا مگر اس حال میں تعویزات سے اس کا کام نسبتاً کچھ دیر سے ہوگا۔

واللہ اعلم بالصواب

دردِ گردہ اور دانہ فرنگ

KIDNEY STONE

از تحریر: سجاد حسین جعفری، سرگودھا

محترم قارئین زنجانی جنتری ہر صاحب علم پر فرض ہے کہ وہ ایک ایسی چیز لکھے جو بلا تفریق و مذہب ہر انسان کیلئے فائدہ مند ہو۔ مصائب و آلام سے بھری زندگی اور امراض میں جکڑی انسانیت کے لئے نوید شفاء ہو یہ دور شعور و آگہی اور تجرباتی سائنس کا دور ہے اس لئے وہ ایسے حقائق پیش کرے جو سائنسی تجربات کے تقاضوں کا ساتھ دیں اور ان کو پورا کریں۔

ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک طریقہ علاج میں بے پناہ ترقی کے باوجود بے شمار امراض ابھی ان دونوں طریق ہائے علاج کی دسترس سے باہر ہیں ان کا علاج روحانی علوم کے تحت کیا جاتا ہے علم الاجواہر علمِ روحانیات کا ایک ایسا شعبہ ہے جو پتھروں کے سحری و طلسماتی خواص پر بحث کرتا ہے طب یونانی بھی پتھروں کے خواف و اثرات کو تسلیم کرتی ہے۔ برصغیر کے مشہور و معروف طبیب و حکیم عبداللہ صاحب اپنی معروف تصنیف کنز الجربات جلد 3 میں رقم طراز ہیں۔

"اگر درد گردہ کے مریض کی انگلی میں ایسی انگوٹھی پہنا دی جائے جس کے نگینہ میں دانہ فرنگ اس طریق سے جڑا گیا ہو کہ اس کا زیریں حصہ پہننے والے کی انگلی سے مس کرتا رہے اس سے دردِ گردہ کے مریض کو صحت ہو جاتی ہے اور اس کا فائدہ اتنی جلدی معلوم ہوتا ہے گویا کہ پہلی اصطلاح میں جیسے منتر پڑھ دیا ہو اور موجودہ اصطلاح میں جیسا کہ کسی مخدر دوا کا ٹیکہ کر دیا ہو 1967ء میں راقم اطروف نے عالم اسلام کے عظیم مفکر مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کو شوخ سبز رنگ کے نگینہ والی انگوٹھی کو پہنے ہوئے دیکھا اور اس کے متعلق دریافت کیا تو فرمانے لگے کہ جب سے میں نے اس انگوٹھی کو پہنا ہے بجز ایک دن کے کبھی دردِ گردہ نہیں ہوا اور وہ ایک دن بھی کیوں ہوا فرمانے لگے کہ ہمارے ہمسایہ کے ہاں سے ایک صاحب تشریف لائے اور کہا کہ ہمارے گھر میں دردِ گردہ کا شدید دورہ پڑا ہوا ہے آپ چند ساعتوں کیلئے اپنی انگوٹھی عطا فرما دیں چنانچہ میں نے انگوٹھی دے دی اللہ کی شان مریضہ کے انگوٹھی پہننے کی دیر تھی اسے فوراً درد موقوف ہو گیا البتہ جونہی میری انگلی دانہ فرنگ کی انگوٹھی سے خالی ہوئی میرے گردے میں درد شروع ہو گیا۔"

قارئین محترم! حکیم صاحب کی یہ تحقیق تجربہ کرنے پر بالکل درست ثابت ہوئی بندۂ عاصی و گنہگار شعبہ ٹیچنگ سے بھی وابستہ ہے اور علم روحانیات سے منسلک علوم و فنون کا ادنیٰ سا طالب علم بھی ہے اور ان علوم سے حاصل شدہ تجربات صفحہ قرطاس پر رقم کرتا ہے میری ایک طالبہ (**Student**) کو گردے کا درد پریشان کرتا تھا چنانچہ میں نے اصل دانہ فرنگ (**Kidney Stone**) خریدا اور اس طالبہ کی انگلی میں اس کی انگوٹھی پہنا دی انگوٹھی اس طرز کی بنوائی کہ پتھر کا زیریں حصہ انگلی سے مس ہوتا رہے اس کے بعد اس طالبہ کو دردِ گردہ سے نجات مل گئی آپ سے بھی گزارش ہے کہ گردے کے مریض اس عمل کو تجربہ کی کسوٹی پر پرکھیں اور عمل کی تصدیق کر کے انسانیت کو فائدہ پہنچائیں۔

عملِ حُب (محبت کا عمل)

عربی زبان میں محبت کے لئے لفظ "حُب" استعمال ہوتا ہے قرآن پاک میں حُب کا لفظ 4 مرتبہ آیا ہے قرآن پاک کی جن آیات میں یہ لفظ آیا ہے وہ آیات یہ ہیں:۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ

باقی صفحہ نمبر 37

از تحریر: نذیر احمد قادری، بی

تسخیرِ محبت کے لئے

کسی کو اپنی جائز محبت میں فریفتہ کرنا ہو تو نقش تحریر کر کے ایک کوزے میں ڈال دیں اور اوپر شکر ڈال کر کوزہ آگ میں دفن کر دیں تاکہ آگ کی گرمی کوزہ کو پہنچتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ محبوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا آزمودہ ہے نیک نیتی شرط ہے۔لا الہ الا انت سبحانك اِنی کنتُ مِن الظلمین بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لا الہ الا انت سبحانك اِنی کنتُ مِن الظلمین طالب مطلوب مع والدہ کا نام سات 7 عدد میٹھی چیزیں **مثلاً**: شہد، چینی، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ تمام چیزیں ہم وزن لے کر ان پر باری باری سات مرتبہ سورۃ الفلق پڑھ کر دم کریں۔اس کے بعد تمام چیزوں کو ملا کر پکائیں اور یہ پکوان مطلوب کو کھلائے۔انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں خوب محبت پیدا ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف 1001 مرتبہ یَا رَبُّ اور ایک بار سورۃ رحمٰن پڑھ کر کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلا دے۔انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی۔نااتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا اور آپس میں پیار محبت کی فضاء پیدا ہو جائے گی۔

15000 والے بانڈ میں جب بھی چوتھا فگر 8 آئے تو آئندہ 15000 ڈرا میں چوتھا فگر 385476 ان فگروں سے آئے گا 2019ء یا 2020ء میں ڈرا ہو۔200 والے بانڈ میں جب بھی 9 سنٹر آئے تو آئندہ 15000 میں جفت صفحہ 2 اور طاق صفحہ 9-5-3-1-7 سے آئے گا۔15000 کا تیسرا سال کی بانڈ کو اگلے سال 15000 کے تیسرے سال بانڈ ڈرا کو تعلق دیتا ہے۔کلوز سے 2 فگر زیادہ، پھر 2 زیادہ اور اُن کے گھر لیں یہ 4 فگر اگلے سال 15000 کے تیسرے بانڈ میں تعلق آئیں گے۔1-3-1 549-4-4+2-6-6+2=8

550-5=5+2=7-7+2= 9- 2 4

7-2-4-9

7500 والے بانڈ میں جب بھی صفحہ 8 آئے سال بعد چوتھے فگر کی باقی سے ایک ایک کم اور گھر کلوز لازمی آئے گا۔

ک 319	654109	818422
کامیاب 233	432987	871640
ک 156	098543	863002
ک 703	543098	856566
ک 412	765210	894396
319	876321	865222
130	876321	858251
923	765210	814328
326	210765	848153
004	098543	872005
286	098543	880015

???	765210	878375

باقی کا مطلب 10 سے کسی بھی فگر کو منفی کریں جو حاصل ہو وہ باقی ہے۔

1500 والے بانڈ کے دوسرے ڈرا کے پانچویں چھٹے فگر اور ان کے گھر 200 والے بانڈ تیسرے ڈرا میں تعلق لازمی آتا ہے۔

200 بانڈ	گھر	1500 بانڈ
189	3681	688436
968	8439	562584
255	5106	849951
016	9540	898895
253	2479	906624
411	1267	227112
681	1560	780515
127	9247	793392
346	4792	151747
127	1964	793319
819	8631	462486
288	6318	466063
421	8732	639187
314	0858	683308
202	7924	930079
105	2176	512421
385	4893	532148
359	5106	417651
589	0752	015507
???	1469	766214

بقیہ عملِ حُب (محبت کا عمل)

وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۗ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 165)

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ (سورۃ آل عمران آیت نمبر 14)

فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ (سورۃ ص آیت نمبر 32)

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝ (سورۃ العادیات آیت نمبر 8)

قارئین جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ عربی زبان میں اعراب وحرکات کے بدل جانے سے لفظ کے معانی بدل جاتے ہیں حرکات (زبر، زیر، پیش) کا خاص خیال رکھیں لفظ حُب پر پیش ہے جس کا مطلب محبت، لگاؤ، چاہت، الفت، پریم، پیار اور Love وغیرہ کے ہیں۔ اس کے برعکس اگر لفظ حب پر زیر ہو تو اس کا مطلب دانہ، بیج، گولی، قرص، ٹکیا ہوتا ہے قرآن پاک میں لفظ حب یعنی (ح) پر پیش 4 بار آیا ہے اس کے برعکس حب یعنی (ح) پر زبر کے ساتھ 3 بار آیا ہے۔ حُب کا لفظ قرآن پاک میں 4 بار آیا ہے اور اس کے معانی محبت، لگاؤ، چاہت، الفت، پریم، پیار اور Love وغیرہ میں بھی 4 حروف ہیں اور قرآن کی آیات بھی 4 ہیں جن میں یہ لفظ آیا ہے۔ قارئین زنجانی جنتری کے لئے اپنا آزمودہ عمل تحریر کر رہا ہوں بالخصوص ان خواتین کے لئے جو شوہر کے ظلم وستم کا شکار ہیں اور شوہر کی نگاہ اُلفت سے محروم ہیں وہ یہ عمل ضرور کریں جتنی دفعہ یہ وظیفہ دہرائیں گی اتنا زیادہ اثر ہوگا۔

ایک لڑکی کی شادی ہوئی کچھ دنوں بعد اس کے شوہر نے اسے مار کر گھر سے نکال دیا اس لڑکی کی امی نے مجھے کہا کوئی وظیفہ بتائیں میں نے اسے یہ وظیفہ بتایا اور کہا انشاء اللہ مسئلہ حل ہوجائیگا۔ چنانچہ چند دنوں بعد شوہر کی طرف سے بندہ لینے آ گیا۔ اور میں نے تاکید کی جب تک شوہر کا دل نرم نہ ہوجائے لگاتار وظیفہ جاری رکھے اسی طرح ایک شادی شدہ عورت جس کے تین بچے تھے کی اپنے شوہر سے لڑائی ہوئی وہ عورت ناراض ہو کر میکے آ گئی اسے بھی یہ وظیفہ بتایا گیا اس نے جیسے ہی وظیفہ شروع کیا مسئلہ حل ہوگیا۔ قارئین کرام اس وظیفہ کو ناجائز مقصد کیلئے کبھی مت پڑھیں یعنی ناجائز محبت کے لئے ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

وظیفہ یہ ھے:۔

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ

یہ آیت لاتعداد پڑھی جائے ہر نماز کے بعد اور بیوی یہ تصور کرے کہ اس آیت کے اثر سے میرے شوہر کا دل نرم ہو رہا ہے اس آیت کے نورانی اثرات اس کے دل پر پڑ رہے ہیں اور وہ میرے لئے پگھل رہا ہے۔

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

ایک محبت ہے کہ ہر وقت جواں رہتی ہے

ہوائی بروج جوزا، میزان اور دلو کی محبت کے رنگ ڈھنگ

عناصر کی آمیزش

اب تک تینوں آبی بروج کی محبت کے انداز اور مقاصد پر گفتگو ہوئی ہے لیکن اس سے پہلے کہ ہم باقی بروج پر بات کریں۔ اس حقیقت کو سمجھ لینا ضروری ہے کہ کسی بھی شخص (عورت یا مرد) کی شخصیت و کردار اور فطرت پر صرف ایک شمسی برج ہی اثر انداز نہیں ہوتا بلکہ اس کا مکمل زائچہ پیدائش (Birth Chart) اثر انداز ہوتا ہے جس میں عناصر کی تقسیم کا فارمولا بے حد اہمیت کا حامل ہے یعنی دیکھنا یہ ہوگا کہ زائچے میں کون سا عنصر قوی اور زیادہ اثر انداز ہے اگر آبی عنصر (Water Element) قوی ہے تو یقیناً ایسا شخص زیادہ حساس ہوگا اور اسی کی مناسبت سے اس کے رومانی اور جذباتی معاملات زیادہ نمایاں ہو کر سامنے آئیں گے۔ اگر آتشی عنصر زیادہ قوی ہے تو شخصیت و کردار میں جذبے کے ساتھ جوش و جنون نمایاں ہوگا۔ اگر ہوائی عنصر (Air Element) زیادہ قوی ہوگا تو شخصیت میں خیالی، قیاسی اور تصوراتی رجحان زیادہ ہوگا اگر خاکی عنصر (Earth Element) زیادہ ہوگا تو ایسی شخصیت میں عقلیت اور عملیت پسندی زیادہ ہوگی۔ یہ لوگ کوئی بھی کام کریں اس میں نفع و نقصان کے پہلو کو نظر انداز نہیں کرتے۔

مندرجہ بالا آبی بروج کے اظہار و انداز محبت میں اس بات کو مدِ نظر رکھنا ہوگا کہ ان کے انفرادی زائچہ پیدائش میں اگر کوئی اور عنصر قوی ہے تو وہ خصوصیات جو بیان کی گئی ہیں، کوئی نیا رنگ اختیار کر سکتی ہیں مثلاً اگر سرطان، عقرب یا حوت کے ساتھ قمری یا پیدائشی برج خاکی عنصر کا ہو تو یہ لوگ اندھی محبت کے قائل نہیں ہوں گے بلکہ محبت کے معاملات میں برے بھلے اور نفع نقصان کی تمیز ضرور کریں گے۔ اگر آتشی برج قمری یا پیدائشی ہو تو یہ ایک آبی برج کے لیے سونے پر سہاگا ہوگا کیونکہ اس طرح ان کی حساسیت میں مزید شدت آ جائے گی اور ایسے لوگ ؎ **بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں** عشق کی مثال ہوں گے۔ اگر شمسی، قمری اور پیدائشی تینوں بروج یا تین میں سے دو بروج آبی ہوں تو حساسیت مزید بڑھ جائے گی اور ایسے لوگوں کا عشق بڑی گہرائی اور گیرائی کا حامل ہوگا یعنی انہیں پھر اپنے محبوب کے سوا دنیا میں کچھ نظر ہی نہیں آتا، بقول شاعر ؎

یا ترا تذکرہ کرے ہر شخص
یا کوئی ہم سے گفتگو نہ کرے

اگر آبی بروج کے ساتھ ہوائی بروج کی شراکت موجود ہو تو حساسیت کے ساتھ وہم و قیاس اور تصورات کا اضافہ ہو جاتا ہے گویا بقول غالب ؎ بیٹھے رہیں تصور جاناں کیے ہوئے۔ ایسے لوگ عملیت کی کمی کا شکار ہوتے ہیں اور صرف محبوب کی یادوں سے دل بہلانا ہی کافی سمجھتے ہیں۔ ہمارے نزدیک یہ امتزاج دنیاوی اعتبار سے بہت کمزور ہے کیونکہ ایسے لوگ عملیت پسند نہ ہونے کی وجہ سے عموماً محبت میں ناکام رہتے ہیں اور ہمیشہ ٹھنڈی آہیں بھرتے نظر آتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے محبوب کو وصال یار کے لیے بھی خود ہی کچھ کرنا پڑتا ہے۔

مزید آگے بڑھنے سے پہلے یہ تشریح اس لیے ضروری تھی کہ ممکن ہے بعض لوگ یہ سوچیں کہ ہمارا شمسی برج فلاں ہے لیکن ہم ایسے نہیں ہیں جیسا کہ لکھا گیا ہے۔ ایسی صورت میں ان لوگوں کو اپنا قمری اور پیدائشی برج ضرور چیک کرنا چاہیے۔ تب ہی درست صورت حال کا اندازہ ہو سکے گا۔

ہوائی بروج کا انداز محبت

جوزا، میزان اور دلو کا عنصر ہوا ہے۔ ان تینوں بروج میں جوزا ذوجسدین یعنی

دہرے پن کا حامل، میزان منقلب یعنی تغیر پذیر، تبدیل ہونے والا اور دلو ثابت یعنی ٹھہراؤ رکھنے والا برج ہے۔لہٰذا تینوں ہوائی برج اپنا ایک مختلف انداز رکھتے ہیں۔اپنے عنصر ہوا کی مناسبت سے تینوں تخیلات اور تصورات کی دنیا میں رہتے ہیں اور اس حوالے سے ان کی محبت کے اظہار اور انداز بھی جدا جدا اور نرالے ہیں بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ تینوں ہوائی تکون کے رکن دائرہ بروج کے انوکھے اور نرالے برج ہیں تو غلط نہیں ہوگا، تینوں بروج میں البتہ برج دلو اپنی انفرادیت میں یکتا ہے، ثابت قدم اور عملیت پسند ہیں جب کہ جوزا اور میزان نے ثابت قدمی اور عملیت کا فقدان ہے، چناں چہ ان کی محبت خیالی دنیا سے باہر قدم نکالنے میں ناکام رہتی ہے، ان کی محبت کے بارے میں کہا جاسکتا ہے ۔

کھیل بچوں کا ہوا، دیدۂ بینا نہ ہوا۔

برج جوزا کا انداز محبت

برج جوزا کا تعلق انسانی ذہن اور ذہنی اعمال وافعال سے ہے لہٰذا جوزا افراد کوئی کام بھی ذہنی تحریک کے بغیر نہیں کرتے۔سوچنا سمجھنا اور جاننا ان کے لیے اولیت رکھتا ہے لہٰذا محبت کے معاملات میں دل کے بجائے ان کا دماغ اور ذہن اپنا کردار ادا کررہا ہوتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ جوزا افراد کی محبت احساساتی نہیں ہوتی بلکہ کسی سوچے سمجھے منصوبے کا مظہر ہوتی ہے۔شاید اسی وجہ سے وہ روایتی اور افسانوی محبت کے معیار پر پورا نہیں اترتے۔محبت ان کے نزدیک زندگی کے لیے ضروری تو ہے مگر ناگزیر نہیں ہے۔کبھی کبھی تو وہ صرف تفریح طبع کے لیے بیک وقت دو تین جگہ عشق لڑا رہے ہوتے ہیں اور کبھی کسی ایسی محبت سے اچانک راہ فرار اختیار کرتے نظر آتے ہیں جس میں وہ مرنے جینے اور ہمیشہ ساتھ رہنے کی قسمیں کھائے بیٹھیں ہوں۔دراصل جوزا ایک بڑا شریر بچہ ہے جس کی دلچسپیاں گزرتے وقت کے ساتھ تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔یہ صورت حال ان کی محبت کے انداز اور اظہار میں بھی جاری رہتی ہے۔دو جوزا افراد کی محبت کا انداز بلکل ایسا ہی ہوگا جیسے درخت کی شاخ پر بیٹھے دو پرندے باہم چوہلیں، خوش فعلیاں کرتے نظر آئیں لیکن تھوڑی دیر بعد دوبارہ آپ اس شاخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ ایک ان میں سے غائب ہوچکا ہے اور دوسرا بھی کسی اور سمت پرواز کرنے کے لیے تیار ہے۔پھر کچھ ہی دیر بعد دونوں اسی جگہ موجود ہوں گے اور حسب سابق اسی طرح باہم چوہلیں کرتے نظر آرہے ہوں گے۔

جوزا والوں کا انداز محبت ہی کیا، زندگی کے اور معاملات میں بھی طرز عمل اسی طرح جاری رہتا ہے، ان کی زندگی میں اکثر کام ادھورے رہ جاتے ہیں۔یہ جتنی تیزی سے کسی نئی دلچسپی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اتنی ہی تیزی سے اس سے منہ موڑ بھی لیتے ہیں۔ان لوگوں میں اپنے ذاتی معاملات کے لیے قوت فیصلہ بہت کمزور ہوتی ہے۔بے شک یہ دوسروں کو ہر معاملے میں نت نئے مشورے دیتے ان کی مدد کرتے نظر آئیں گے مگر خود اپنے معاملات میں ان کے لیے کوئی حتمی فیصلہ کرنا بڑا مشکل کام ہوتا ہے۔محبت کے معاملے میں بھی یہ آخر تک یہ فیصلہ ہی نہیں کرپاتے کہ وہ جسے پسند کرتے ہیں اس سے محبت بھی کرتے ہیں یا نہیں۔ دراصل ان کا ہر وقت سوچنے والا ذہن انہیں مستقل کسی نہ کسی الجھن میں مبتلا رکھتا ہے اور جب وہ الجھن ان کے سر کا درد بن جائے تو یہ ایک لمحے میں اسے ذہن سے جھٹک کر کسی نئی الجھن کی طرف متوجہ ہوجاتے ہیں۔جوزا افراد سے محبت کرنے والے ان کی بے پروائی، کج ادائی اور بے وفائی کا شکوہ کرتے نظر آتے ہیں مگر وہ اپنی ان خصوصیات کو تسلیم نہیں کرتے۔

بلکہ اس سلسلے میں ان کا اپنا ایک نقطہ نظر ہے۔ان کا فلسفہ یہ ہے کہ انسان کو کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ دنیا کو جان لینا چاہیے اور اس سلسلے میں آگے ہی آگے بڑھتے رہنا چاہیے، پیچھے پلٹ کر نہیں دیکھنا چاہیے۔گویا محبت کے روایتی نظریہ اور فلسفہ کے مطابق جوزا افراد اس کے بلکل برعکس نظر آتے ہیں۔ان کی محبت میں عدم استحکام نظر آتا ہے۔وہ کسی شاعر کے بقول ۔ تو نہیں اور سہی اور نہیں اور سہی کی مثال کو مدِ نظر رکھتے ہیں۔یقیناً شمسی برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے اکثر افراد یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم ایسے نہیں ہیں تو یقیناً ان کے قمری یا پیدائشی برج ان کی محبت میں استحکام لانے کا سبب ہوسکتے ہیں۔

برج میزان کا انداز محبت

ہوائی تکون کا دوسرا برج میزان ہے۔بارہ بروج میں یہ واحد برج ہے جس کا نشان ایک بے جان چیز ترازو ہے۔گویا توازن اور ہم آہنگی اس کی بنیادی خصوصیات میں شامل ہیں۔اسی لیے ان کی انصاف پسندی اور سفارت کاری مشہور ہے۔زندگی کا کوئی بھی معاملہ ہو یہ ہاتھ میں ترازو تھامے نظر آئیں گے

یعنی محبت جیسے جذبے میں بھی ان کی ناپ تول جاری رہتی ہے۔ یہ ہر وقت تجزیہ کرتے رہتے ہیں کہ وہ جتنی محبت کسی سے کر رہے ہیں یا جتنا کسی کا خیال رکھتے ہیں کیا وہ بھی جواباً اتنا ہی ان کے ساتھ کر رہا ہے یا نہیں؟

میزانی افراد کا سارا زور توازن (Balance) پر رہتا ہے۔ لہذا محبت کے معاملات میں بھی یہ عدم توازن کا شکار نہیں ہوتے لیکن اگر کسی وجہ سے کسی معاملے میں بھی توازن بگڑ جائے تو یہ لوگ بہت پریشان ہوتے ہیں بلکہ کبھی کبھی اذیت کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ بارہ بروج میں برج میزلن سب سے زیادہ رومان پسند اور امن پسند برج ہے۔ انہیں ہر وقت اور ہر معاملہ میں رومانس اور امن چاہیے کیونکہ رومانس اور امن کے بغیر ان کی بھرپور دلچسپی نمایاں نہیں ہوتی۔ یہ دنیا کہ سب سے زیادہ حسن پسند اور حسن پرست لوگ بھی ہیں۔ اسی لیے فنون لطیفہ میں بھی ان کا کردار غیر معمولی رہا ہے۔ ایک متوازن محبت اور پرسکون ماحول برج میزان کی ناگزیر ضرورت ہے۔ محبت میں انتہا پسندی اور جذبے کی شدت ان کے نزدیک خطرناک ہوتی ہے۔ یہ خود بھی اپنے انداز اور اظہار محبت میں محتاط روی کا خیال رکھتے ہیں اور اپنے محبوب سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

ہوائی برج ہونے کی وجہ سے برج میزان بھی ذہانت اور ذہن سے متعلق ہے۔ لہذا میزانی افراد کی محبت کا جذبہ دل سے زیادہ ذہن کا طابع ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ برج میزان دائرہ بروج میں ایک مرکزی برج ہے۔ جو بارہ بروج کے درمیان میں واقع ہے۔ گویا بروج کے ہجوم میں گھرا ہوا ہے۔ لہذا یہ لوگ تنہائی سے خوفزدہ رہتے ہیں۔ انہیں ہر وقت ایک ساتھی کی ضرورت رہتی ہے۔ برج میزان شادی کا برج بھی ہے۔ لہذا شادی میزانی افراد کے لیے بہت خوشی کا باعث ہوتی ہے اور اگر من پسند ساتھی مل جائے تو یہ لوگ بہت مطمئن اور خوش رہتے ہیں لیکن ان کے ساتھی کو ہمیشہ کسی انتہا پسندی سے گریز کرنا چاہیے۔ ورنہ میزانی افراد پریشان ہو کر راہ فرار ڈھونڈنے لگتے ہیں۔ واضح رہے کہ اپنی امن پسندی کی وجہ سے میزانی افراد کسی مقابلے یا تنازع سے گھبراتے ہیں اور وہ مقابلہ کرنے کے بجائے اپنا راستہ بدل لینا بہتر سمجھتے ہیں۔ ایک شوہر یا بیوی کی حیثیت سے میزانی افراد تھوڑے سے مشکل ثابت ہوتے ہیں کیونکہ جس قسم کا توازن وہ ہر معاملے میں چاہتے ہیں اسے برقرار رکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔

میزانی افراد ضروری نہیں ہے کہ صرف ایک محبت پر قناعت کر لیں۔ ان کی زندگی میں ایک سے زیادہ رومانی تعلقات اور دلچسپیاں ہو سکتی ہیں۔ لہذا محبت کے روایتی تصور پر یہ اسی صورت میں پورا اتر سکتے ہیں جب کسی دوسرے آبی یا آتشی برج کا تعاون انہیں مل رہا ہو۔ میزانی افراد کے لیے محبت ایک رفاقت، ایک علاج تنہائی ہے۔ کسی کا ساتھ وہ اپنے لیے ضروری سمجھتے ہیں اور اس ساتھ کو استحکام دینے کے لیے شادی کو بھی ضروری خیال کرتے ہیں اگر ان کا ساتھی ایک اچھا سامع بھی ہو تو وہ بہت خوش رہتے ہیں۔ شادی کے بغیر ان کی محبت اتار چڑھاؤ کا شکار رہتی ہے۔

یہ بھی ان لوگوں میں سے ہیں جو آخر تک کسی نہ کسی تذبذب کا شکار رہتے ہیں اور کوئی حتمی فیصلہ کرنا ان کے لیے مشکل ثابت ہوتا ہے۔ بلکل آخری لمحوں میں یہ اپنا کوئی بھی فیصلہ تبدیل کر سکتے ہیں بلکہ اکثر تو یہ ہوتا ہے کہ میزانی افراد کسی مسئلہ میں الجھ کر اس کا بہت دیر تک ہر ہر پہلو سے جائزہ لیتے رہتے ہیں۔ بہت غور و فکر کرتے ہیں لیکن کسی فیصلے پر پھر بھی نہیں پہنچتے بلکہ آخر میں تنگ آ کر کوئی فیصلہ کیے بغیر ہی مسئلے کو ادھورا چھوڑ دیتے ہیں اور اپنے دل کو یہ کہہ کر تسلی دے لیتے ہیں کہ جب دوسرے فریق کی طرف سے کچھ ہو گا تو پھر اس کے مطابق ہی ہم بھی کوئی قدم اٹھا لیں گے۔ یہاں پر میزان افراد کے بارے میں ایک اہم حقیقت یہ سمجھ لینی چاہیے کہ یہ لوگ "پہل کار" نہیں ہوتے یعنی اپنی طرف سے کبھی پہل نہیں کرتے۔ محبت کے اظہار میں بھی پہل کرنے سے ہچکچاتے ہیں کیونکہ کوئی واضح فیصلہ کر نہیں پاتے۔ لہذا ان سے محبت کرنے والوں کو خود پہل کرنا چاہیے۔ اس انتظار میں نہیں رہنا چاہیے کہ وہ خود آگے بڑھیں گے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ میزان افراد کو متاثر کرنے اور ان کا دل جیتنے کا سب سے بڑا گر یہی ہے کہ آپ انہیں پہل کرنے کی زحمت سے بچا لیں۔ وہ آپ کی پیش قدمی کو بہت اہمیت دیں گے اور اس سے انہیں خصوصی خوشی حاصل ہو گی۔

میزان شوہر یا بیوی کے سلسلے میں اگر اس بات کا خیال رکھا جائے تو اس کا نتیجہ بہت شاندار نکلے گا۔

برج دلو کا انداز محبت

دائرۃ البروج کا سب سے انوکھا اور نرالا برج دلو ہے۔ تو ظاہر ہے اس کی محبت کے انداز بھی انوکھے اور نرالے ہی ہوں گے۔ ہوائی برجوں کی تکون میں یہ تیسرا اور آخری برج ہے۔ اس کا نشان مشکیزہ بردار ایک معمر شخص ہے۔ اپنی ماہیت کے اعتبار سے یہ ثابت (Fixed) ہے۔

برج دلو کا نمبر برجوں کی قطار میں گیارہواں ہے۔ گویا یہ فطری زائچہ کا گیارہواں گھر ہے جس کا تعلق امید وخواہشات اور دوستی سے ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ دلو افراد کے نزدیک محبت کے معنٰی دوستی ہیں تو غلط نہیں ہوگا۔ یہ لوگ کافی بڑا حلقہ احباب رکھتے ہیں اور اپنے دوستوں کے درمیان خوش رہتے ہیں۔ دوستوں کے کام آنا ان کے دکھ درد اور خوشی وغم میں شریک ہونا ان کے لیے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ لوگ ہمدردی کا جذبہ بھی بہت رکھتے ہیں۔ اگر سڑک پر کوئی حادثہ پیش آجائے یا کسی معذور کو سہارے کی ضرورت ہو تو ممکن نہیں ہے کہ ایک دلو شخص اسے نظر انداز کر کے آگے بڑھ جائے مگر اس خوبی کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے۔ وہ یہ کہ اپنے اس سوشل ورک کی وجہ سے یہ لوگ اپنے ذاتی کام بھول جاتے ہیں۔ ان کی وہی مثال ہے کہ اپنے گھر میں اندھیرا اور پڑوسی کے گھر میں چراغ جلا رہے ہیں۔ دلو افراد سے ان کے اہل خانہ کو شکایت ہو سکتی ہے لیکن پڑوسیوں کو نہیں۔ برج دلو کی محبت، ہمدردی اور دوستی کے دائرے سے باہر نہیں نکلتی۔

حد یہ ہے کہ شادی کے بعد دلو مرد اور خواتین کو شوہر یا بیوی کی شکل میں ایک دوست چاہیے ہوتا ہے۔ اگر بیوی یا شوہر دوستانہ انداز اور ماحول پیدا نہ کرے تو یہ لوگ پریشان ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں یہ کوئی لڑائی جھگڑا یا تنازع مول لینے کے بجائے وقت گزاری کے لیے کوئی متبادل راستہ ڈھونڈ لیتے ہیں۔ برج دلو کی محبت میں جوش وولولہ، گہرائی اور گیرائی کا فقدان ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ شمسی برج دلو کے ساتھ کوئی آبی برج بھی موجود ہو۔

دلو افراد تعلقات کے معاملے میں کھلے دل اور کھلے ہاتھ کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ وہ بہت جلدی تکلفات کی ساری حدیں توڑ کر آپ کے دل میں گھر کر لیں گے لیکن جیسے ہی وہ یہ محسوس کریں گے کہ آپ ان کی محبت میں بہت زیادہ سنجیدگی اور دیوانہ پن کی حدود میں داخل ہو رہے ہیں تو وہ گھبرا جائیں گے اور ممکن ہے راہ فرار اختیار کریں۔ دراصل برج دلو دوستی کے علاوہ آزادی، سچائی اور روشن خیالی کا برج بھی ہے۔ دلو افراد کے نزدیک ان کی سب سے سب سے زیادہ قیمتی شے ان کی آزادی ہے۔ جب وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ فریق ثانی ان کی محبت میں دیوانہ ہو رہا ہے اور یہ دیوانگی ان کے پیروں کی زنجیر بن سکتی ہے تو وہ گھبرا جاتے ہیں، سمجھ لیتے ہیں اب وہ ضرور ان سے شادی کا تقاضا کرے گا جس کا مطلب پابندی اور ذمہ داری ہے۔ کسی بھی قسم کی پابندی دلو افراد کے لیے ناقابل قبول ہے۔ ایسی صورت میں انہیں یہ احساس دلانے کی ضرورت ہو گی کہ شادی ایک دوستانہ اور ہمدردانہ تعلق کو مزید مضبوط بناتی ہے اور وہ اس رشتے میں بندھ کر بھی اپنی آزادی کا سودا نہیں کر رہے۔

اگر دو دلو افراد ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں اور پھر شادی کر لیتے ہیں تو یہ جوڑی بری نہیں ہے لیکن اس میں خرابی یہ ہے کہ یہ کسی وقت بھی ٹوٹ سکتی ہے یعنی جب بھی دونوں ایک دوسرے سے بےزار ہوں گے یا ایک دوسرے سے شکایات پیدا ہوں گی تو دونوں بڑی آسانی کے ساتھ اپنے راستے الگ کر لیں گے۔ طویل عرصے تک ایک ساتھ رہنے کے باوجود وہ کسی بڑے جذباتی صدمے کا شکار بھی نہیں ہوں گے۔ بقول شاعر۔ چار دن تڑپے تھے آخر پھر قرار آ ہی گیا۔ برج دلو سے متعلق افراد ہر معاملے میں رسم وروایات کے خلاف چلتے ہیں۔ وہ کوئی کام بھی اس طرح نہیں کرنا چاہتے جس طرح اس کام کو دوسرے کرتے ہوں۔ یہ لوگ اپنا نیا راستہ نکالنا پسند کرتے ہیں۔

اسی لیے برج دلو کو جدت پسندی اور غیر متوقع رویوں کا برج بھی کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے یہ دوسروں کو حیران کرنے والے کام کر گزرتے ہیں۔ مشہور سائنسدان تھامس ایلوا ایڈیسن کا شمسی برج دلو تھا۔ اس نے دنیا کو اپنی بے شمار ایجادات سے حیران کر دیا۔ جب وہ بچہ تھا تو ایک بار مرغی کے انڈوں پر بیٹھا ہوا تھا۔ گھر والے بہت حیران ہوئے اور پوچھا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو؟ تو اس نے جواب دیا "میں یہ جاننے کی کوشش کر رہا ہوں کہ میں بھی مرغی کی طرح انڈوں میں سے بچے نکال سکتا ہوں یا نہیں۔"

محبت، دوستی اور تعلقات کے حوالے سے بھی دلو افراد کا رویہ حیرت انگیز ہوتا ہے۔ وہ اس معاملے میں بھی دوسروں کو چونکا دیتے ہیں۔ مثلاً وہ کسی ایسی شخصیت

سے شادی کر سکتے ہیں جس سے انہیں محبت نہ ہو یا جو انہیں پسند نہ ہو۔ دلو مرد یا خواتین پوری زندگی ایسے کسی ازدواجی رشتے کو نبھانے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتے ہیں جو ان کے لیے ناپسندیدہ ہو۔ ایسے رشتے کبھی تو ہمدردی کے جذبے کے تحت قائم ہوتے ہیں اور کبھی سوشل ورک کے طور پر وہ کسی ایسی شخصیت سے شادی کے لیے اچانک تیار ہو سکتے ہیں جس سے کوئی بھی شادی کرنا پسند نہ کرتا ہو یا اسے سہارے کی ضرورت ہو۔ ایسے موقعے پر وہ فوراً اپنی خدمات پیش کر سکتے ہیں۔ دلو افراد انوکھے ہوتے ہیں اور انوکھی چیزیں پسند کرتے ہیں جو روایت کے برعکس ہوں۔ اکثر بے جوڑ تعلقات اور شادیوں میں دلو افراد ہی اہم کردار ادا کرتے نظر آتے ہیں۔

مثلاً کوئی دلو مرد کسی ایسی عورت سے شادی کر سکتا ہے جو اس کے مقابلے میں انتہائی بدصورت یا کسی نہ کسی اعتبار سے نہایت کمتر ہو یا کوئی دلو عورت کسی ایسے شریک حیات کا انتخاب کر سکتی ہے جو ہر اعتبار سے اس سے کمتر نظر آئے۔ ایسی صورت میں وہ کسی مخالفت کی بھی پروا نہیں کرتے۔ نہ ہی انہیں اپنے اس انتخاب پر کوئی شرمندگی یا پشیمانی ہوتی ہے۔ دراصل اس معاملے میں بھی دلو افراد کی روایت شکنی اور انوکھی اور نرالی چیزوں کے پیچھے لپکنے کی فطرت کارفرما ہوتی ہے۔ وہ اپنی بے جوڑ شادی میں سب کچھ بھول کر فریق ثانی کی کسی انوکھی خوبی یا ادا کے اسیر ہو جاتے ہیں۔

دلو افراد کا اظہار محبت بڑا ہی عجیب ہوتا ہے۔ وہ اکثر دوسروں کو دھوکا دیتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ ایسا جان بوجھ کر نہیں کرتے بلکہ یہ ان کا ایک غیر اختیاری فعل ہوتا ہے۔ جب وہ کسی سے تعلقات بڑھاتے ہیں تو ان کی بے تکلفی اور ہمدردی حد سے بڑھ جاتی ہے۔ آپ کو یہ محسوس ہوگا کہ آپ کے سوا انہیں دنیا میں کسی چیز سے دلچسپی ہی نہیں ہے اور وہ آپ کے بغیر نہیں رہ سکتے۔ آپ یقیناً یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ وہ آپ سے شدید محبت کرنے لگے ہیں۔ بس اب کسی وقت بھی شادی کی فرمائش کر سکتے ہیں مگر جب ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود بھی وہ شادی کا لفظ زبان پر نہیں لاتے تو آپ یقیناً خود پہل کرنے کے بارے میں سوچیں گے یا کسی اور ذریعے سے انہیں شادی پر رضامند کرنے کی کوشش کریں گے مگر یاد رکھیں اس مرحلے پر بھی وہ آپ کو چونکا سکتے ہیں اور ان کا جواب کچھ اس قسم کا ہو سکتا ہے کہ میں نے تو کبھی بھی اس طرح نہیں سوچا۔ ہم بس بہت اچھے دوست ہیں یا یہ کہ میرا اب تک کا رویہ کسی ہمدردی کے جذبے کے تحت تھا۔

ذرا سوچیے اس قسم کے جواب کے بعد آپ کا کیا حال ہوگا؟ ساحر لدھیانوی کا ایک شعر تھوڑی سے ترمیم کے بعد دلو افراد کے اس رویے کی بہترین عکاسی کرتا ہے۔

میں جسے پیار کا انداز سمجھ بیٹھا تھا
وہ تبسم، وہ تکلم تیری عادت نکلا

بعض دلو افراد (مرد یا خواتین) برسوں کسی ایسے ہی محبت نما تعلق میں بندھے رہنے کے بعد اچانک کسی اور جگہ شادی کر بیٹھتے ہیں اور پھر یہی جواز پیش کر رہے ہوتے ہیں کہ ہمارا تعلق تو دوستی اور ہمدردی کا تھا۔ ہم ایسے کئی کیس دیکھ چکے ہیں۔ ایسی صورت حال کا نتیجہ فریق ثانی کے حق میں بہت برا نکلتا ہے۔

اس تمام گفتگو کا مطلب یہ نہیں کہ دلو افراد طوطا چشم، ہرجائی اور غیر جذباتی ہوتے ہیں۔ محبت کا پودا ان کے دل میں سرسبز و شاداب نہیں ہو سکتا۔ ایسا ہرگز نہیں ہے وہ جب کسی سے محبت کرتے ہیں تو آخری وقت تک ساتھ نبھاتے ہیں۔ بس بات صرف اتنی سی ہے کہ ان کی محبت صورت شکل، مال و دولت یا دیگر روایتی دنیاوی معیارات کے تابع نہیں ہوتی بلکہ کوئی انوکھی بات ان کی محبت کی بنیاد بنتی ہے۔ یہ بتانا بہت مشکل ہے کہ وہ ایسی کون سی بات ہو سکتی ہے۔ البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ کوئی ایسی بات جو ان کے خیال میں بہت انوکھی اور نایاب ترین ہو خواہ وہ بات دوسروں کی نظر میں معمولی اور غیر اہم ہی کیوں نہ ہو؟

شادی یا کسی بھی پارٹنر شپ سے دلو افراد اسی صورت میں بے زار ہوں گے۔ جب انہیں یہ محسوس ہو کہ ان کی فطری اور ذاتی آزادی خطرے میں ہے۔ دائرہ بروج کے بعض برج حاکمانہ مزاجی اور غلبہ پسندی پر مائل ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ دلو افراد ہرگز گزارا نہیں کر سکتے۔ ایسے بروج میں اسد، ثور، عقرب سرفہرست ہیں۔ دلو افراد کے ساتھ ان کی شراکت زیادہ مضبوط اور پائیدار ثابت نہیں ہو سکتی۔

کراماتِ جفر

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ صدر

قارئین کی خدمت میں حصول فسٹ وسیکنڈ لکی نمبرز کا خاص الخاص صدری و نایاب عمل لے کر حاضر ہوں۔ جو لوگ انعامی اسکیموں میں مسلسل ناکامی کا شکار ہو چکے ہیں اور کبھی فسٹ وسیکنڈ نمبر نہ ملا ہو تو ان کو خصوصی دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل سے فیض حاصل کریں۔ لیکن دل میں لالچ نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ لالچی اور حاسد کبھی کامیاب نہیں ہوتے ہیں۔ صرف اللہ تعالیٰ سے اتنا ہی مانگیں جتنی ضرورت ہو اور جب انعام مل جائے تو کاروبار کرلیں تاکہ مالی پریشانی سے بچے رہیں۔ یہ عمل جو اس وقت پیش کر رہا ہوں۔ اس سے بے شمار لوگ فیض اُٹھا چکے ہیں۔ یہ آپ کو دنیا کی کسی کتاب، رسالہ یا جنتری میں نہ ملے گا۔ جہاں بھی شائع ہوا ہوگا، تو اسی احقر نے شائع کرایا ہوگا۔ کیونکہ یہ میری ذاتی تحقیق ہے۔ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

فوائد: پرائز بانڈ کے فسٹ وسیکنڈ نمبر ملیں گے۔ اس کے علاوہ انگلینڈ کی نیشنل لاٹری، افریقہ کی نیشنل لاٹری، روزمرہ ٹی وی پر ہونے والی لاٹریوں کے لکی نمبرز، انڈیا اور تھائی لینڈ کی لاٹریوں کے علاوہ ملکی وغیر ملکی انعامی اسکیموں کے نمبر حاصل کرسکتے ہیں، جو واقعی مالی پریشانیوں میں مبتلا ہیں وہ لوگ ضرور اس سے فسٹ وسیکنڈ نمبر حاصل کرسکتے ہیں۔ بے شمار لوگ مالا مال ہوچکے ہیں۔

ترکیب عمل: طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعہ ساعت زہرہ یا قمر زہرہ تثلیث یا تسدیس کی نظر جب قائم ہو تو ساعت زہرہ میں علیحدہ کمرہ میں داخل ہو جائیں۔ پھر خوشبودار اگربتیاں کمرہ میں سلگائیں اور رجال الغیب پشت پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور مندرجہ ذیل نقش مبارکہ سفید کاغذ پر مشک وزعفران سے لکھنا ہے اور 313 روپے کی مٹھائی جو عمل سے پہلے موجود ہو اور عبارتِ عمل 110 مرتبہ پڑھ کر نقش مبارکہ پر دم کریں اور مٹھائی بچوں میں بانٹ دیں۔ اسی طرح لگاتار سات روز کرنا ہے۔ لوازمات عمل کا خاص خیال رکھ کر عمل مکمل کرنا ہے، ورنہ الٹا نقصان ورجعت ہوگی۔ اناڑی عامل سے ہرگز یہ عمل تیار نہ کروائیں، ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے، یعنی کوئی فائدہ نہ ہوگا اور یہ عمل زندگی میں صرف اور صرف ایک بار فائدہ دے گا، جو لوگ بار بار کریں گے، وہ یقیناً نقصان اُٹھائیں گے۔

حصول نمبر وانعام کا طریقہ

جب بھی فسٹ وسیکنڈ نمبر کی ضرورت ہو تو رات سونے سے پہلے نقش مبارکہ اپنے پاس رکھیں، پھر نمازِ عشاء کے بعد عبارتِ عمل حصار کے ساتھ صرف 313 مرتبہ اول وآخر 11۔ 11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر عمل مکمل کریں۔ اسی طرح 3 تا 6 روز میں آپ کو تین نمبر نظر آئیں گے۔ انشاء اللہ درست نمبر خواب میں ملے گا اور صبح ہونے تک آپ کو اچھی طرح یاد رہیں گے اور یہ خرید کر رکھ لیں اور کسی کو ہرگز نہ بتائیں، ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

لاالہ لادے الااللہ ملادے محمد رسول اللہ دِکھادے حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے صدقہ میرے دل کی پیاس بجھادے۔

۷۸۶

جبرائیل

میکائیل

یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ
یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ
یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ
یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ
یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ
یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ	یاظاھرٌ

حمعسق عزرائیل

کہیعص اسرافیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

اکتوبر 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

5	2
3	8

تاریخ: 01-10-2019
دن: منگل
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: -/15,000

8	3
6	5

تاریخ: 15-10-2019
دن: منگل
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/750

اکتوبر 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	06 اکتوبر	10 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 15 منٹ تک
2	10 اکتوبر	12 بجکر 10 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک
3	16 اکتوبر	14 بجکر 15 منٹ سے لے کر 15 بجکر 00 منٹ تک
4	20 اکتوبر	14 بجکر 00 منٹ سے لے کر 14 بجکر 30 منٹ تک
5	25 اکتوبر	15 بجکر 10 منٹ سے لے کر 15 بجکر 50 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ تنڈولے	
0			02	03		05			08		032	085
1	10				14		16	17		19	146	197
2	20			23		25			28		230	285
3	30		32		34	35			38		325	380
4				43		45	46		48		435	468
5	50		52		54	55	56		58		524	585
6				63	64	65			68	69	634	689
7	70	71					76			79	710	796
8	80		82	83		85			88		823	858
9		91			94		96		98		941	968

تاریخ: 01-10-2019
دن: منگل
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: -/15,000

02	08	85	38
03	53	82	53

تاریخ: 15-10-2019
دن: منگل
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/750

35	63	58	56
48	45	83	84

2
3 0 5
8

8
6 5 3
4

تاریخ: 01-10-2019
دن: منگل
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: -/15,000

712840	
71	12
28	40

تاریخ: 15-10-2019
دن: منگل
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/750

143870	
14	34
43	07

F			S
98	3	1	42
80	8		94
89	0	7	26

F-S		
6895	8-9-3-1-6	اوپن F
2043	5-8-1-2	کلوز F
1498	6-0	سینٹر F
5297	8-4	چوتھا فگر F
	6-5	تعلق آکڑہ F
	1-4-7	بند اوپن F
	9-1	سیکنڈ اوپن F

F-S		
7532	3-7-2-1-5	اوپن F
8519	1-4-3-9	کلوز F
2952	3-4	سینٹر F
5120	7-1	چوتھا فگر F
	8-1	تعلق آکڑہ F
	9-5-8	بند اوپن F
	8-4	سیکنڈ اوپن F

راولپنڈی | مالیت بانڈ: -/750 | تاریخ: 15-10-2019

80	73	61	48	31	25	(بونس) 5962

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپکا ماہِ اکتوبر 2019ء کیسا رہے گا؟

astrology October

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارَد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

حمل

21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 4 اکتوبر چھٹے بیت المرض میں رہتے ہوئے صحت جسمانی کو بہتر لیکن اغذیہ وادویہ کا خیال ضرور رکھیں ماتحت اور ساتھ کام کرنے والے افراد تعاون کرسکیں 5 تا 31 اکتوبر مریخ ساتھ بیت الزوج میں رہتے ہوئے مشترکہ پارٹنرشپ کے کام خاص توجہ کے مستحق ہوں اور ازدواجی سکھ بڑھنے سے خانگی ماحول میں بھی راحت کا سامان مہیا ہو بیت السفر ونصیب کا حاکم ستارہ مشتری نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کا حصول اور بیرون ملک سفر کیلئے کی گئی کوششیں پوری ہوسکیں جبکہ وتد السماء دسویں کا حاکم زحل پچھلے ماہ سے یہاں پہ حالت مستقیم میں آنے سے کیرئیر وکاروباری معاملات میں مثبت افراد کا تعاون برقرار رکھے 28,27 اکتوبر مریخ زحل تربیع غصے وجذبات پر کنٹرول کی ضرورت ٹریفک حادثات سے بچاؤ کیلئے سفر سے پہلے صدقہ ضرور دیں قوت برداشت کا امتحان جبکہ مسائل کا حل ضروری ہوجائے۔

پہلا ھفتہ: اس ہفتے سفر کے مواقع پیش آئیں گے جس کے باعث نصیب یاوری کرسکے گا اور درپیش شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوسکے۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ شریک کار کا تعاون رہے گا۔ شراکتی منافع بخش معاہدے کرسکیں گے۔

دوسرا ھفتہ: مصروفیات دو حصوں میں بٹی رہیں گی۔ ایک تو مالی اور دوسرے گھریلو مسائل۔ جذبات پر قابو پانے کی کوشش کریں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ بعد میں پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ یہ مسائل اگلے ہفتے تک حل ہوسکیں گے، لہٰذا جلد بازی سے گریز کرتے ہوئے تحمل مزاجی سے حالات کو سمجھیں۔

تیسرا ھفتہ: صحت بہتر اور مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ گھریلو ماحول بھی اثر انداز ہوسکتا ہے۔ لہٰذا محتاط رویہ اختیار کریں اور جذبات اور غصے پر قابو پائیں اور تحمل مزاجی سے کام لیں۔ اصولوں کی خلاف ورزی اور بیرونِ ملک سفر میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ جلد بازی نقصان دہ ہوگی۔

چوتھا ھفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوسکے اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے۔ حاسدین کا خاتمہ اور دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے۔ رومانس کے لیے حالات سازگار رہیں۔ خوداعتمادی اور قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔

سعد تواریخ: 31,22,18,7,2 اکتوبر **نحس تواریخ:** 27,20,13,4 اکتوبر

TAURUS

ثور

21April
21May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 8 اکتوبر چھٹے بیت المرض میں رہتے ہوئے صحت جسمانی کو بہتر کرنے کیلئے اقدامات کرسکیں۔ 9 تا 31 اکتوبر زہرہ ساتویں بیت الزوج میں رہتے ہوئے ازدواجی سکھ اور شریک حیات سے تعاون بڑھائیں یکم,2 اکتوبر زہرہ پلوٹو تربیع جنس مخالف کے دام فریب میں آنے سے بچیں ورنہ حاسدین منفی پراپیگنڈہ کرسکیں 14,13 اکتوبر غیر ضروری جذبات کی عکاسی سے پرہیز کریں سیاسی وسماجی معاملات میں بزرگوں سے مشاورت ضرور کریں۔ 21,20 اکتوبر زہرہ زحل تسدیس فرض شناسی ایمانداری مثبت فیصلے بہتر حکمت عمل اور ڈپلومیسی کے تحت اہم کاروباری معاہدے عمل میں آسکیں۔ 23,22 اکتوبر زہرہ نیپچون تثلیث عشق ومحبت کے اُمور حساس جبکہ آرٹ کے شعبہ میں دلچسپی بڑھے چند ایک خواہشات جنم ہمت وحوصلہ بڑھائے 26,25 اکتوبر زہرہ پلوٹو تسدیس خاص نظریات وضروریات کے تحت مشترکہ اُمور میں حصہ لے سکیں 31,30 اکتوبر زہرہ عطارد قران عہد وپیمان کی فضاء قائم ہو غلط فہمیوں کا ازالہ ممکنات میں سے رہے۔

پہلا ھفتہ: مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ جذبات اور غصے پر قابو کی ضرورت ہے ورنہ خواہ مخواہ کی پریشانی اور مسائل درپیش رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر جس کے باعث گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شخصیت میں مزید نکھار آسکے۔ مزید کاروباری منافع بخش معاہدے کرسکیں۔ مالی مسائل کا خاتمہ ممکن ہو۔

دوسرا ھفتہ: اس ہفتے خاص توجہ مالی اور محبت سے متعلقہ کاموں میں رہے۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں۔ ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل رہے گا۔ سواری لے سکیں۔ والدین کا تعاون، بیرونِ ملک سفر میں تاخیر کا اندیشہ۔ تحمل مزاجی، خوش اخلاقی اور دوستی کو سراہا جائے گا۔ ادب سے لگاؤ میں اضافہ ہو۔

تیسرا ھفتہ: اس ہفتے زیادہ تر توجہ مالی اور شراکتی کاموں میں رہے جس کے باعث حالات پہلے کی نسبت سُدھر سکیں گے۔ وراثت اور جائیداد سے متعلقہ مسائل جلد حل ہوسکیں اور خاطر خواہ فائدہ ہو۔ اولاد تابع فرمان اور راحت کا باعث ہوگی۔ آرٹ کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی حوصلہ افزائی اور آمدن میں خاطر خواہ اضافہ کے ساتھ ساتھ انعام وغیرہ بھی نکل سکے گا۔

چوتھا ھفتہ: گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق۔ شراکتی کام منافع بخش۔ لمبے عرصے کے لیے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچیں اور تسلی کریں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار، ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے نبھا سکیں۔ حاسدین اور رشتے داروں کے مسائل کا حل شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر، نصیب کشائی ممکن ہوسکے گی۔

سعد تواریخ: 31,29,25,22,20,9,4 اکتوبر **نحس تواریخ:** یکم,23,15,13,7 اکتوبر

Gemini

جوزا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

